حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ جناب رسولِ خداؐ نے فرمایا کہ جو شخص اِس سورے کو پڑھے گا قیامت کے روز نجات پائیگا اور ملائکہ کے پروں پر اُڑے گا اور حُسن میں اسکا مُنہ یُوسف کے حُسن کی مانند ہوگا، اور امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا ہے کہ سُورۂ مُلک سورۂ مانعہ ہے، اِس واسطے کہ منع کرتی ہے اپنے پڑھنے والوں کو عذاب قبر سے اور توریت میں بھی اُس کا نام سورۂ مُلک ہے جو شخص اِس سورے کو شب کو پڑھے تو صاحب برکت ہو جائے اور خوشحال اور مرفہ الحال رہے اور اُس کو غافلوں میں نہ لکھا جائے اور میں اِس سورے کو عشا کے بعد پڑھتا ہوں، اور جو شخص اس سورے کو شب و روز تلاوت کرے جس وقت اسے قبر میں رکھیں مُنکر و نکیر اُس پر ظاہر ہوں اور پاؤں اُس شخص کے گویا ہو کر کہیں کہ تمہارا ہم پر قابو نہیں ہے اِس واسطے کہ یہ بندہ پائے راست و چپ پر کھڑا ہو کر سورۂ مُلک ہر شب و روز پڑھتا تھا اور جس وقت اُس کے شکم کی طرف آئیں تو شکم اُن سے کہے گا کہ تمہارا قابو اِس بندے پر نہیں، اِس واسطے کہ مجھ کو اِس بندے نے سورۂ مُلک کا ظرف بنایا تھا اور جس وقت اُس کی زبان کی طرف آئیں وہ اُن سے کہے گی کہ تم کو اِس بندے پر کوئی اختیار نہیں ہے اِس لئے کہ یہ سورۂ مُلک پڑھتا تھا اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام نے فرمایا ہے جو شخص تبارک الّذی نمازِ ہفتہ میں پڑھے گا خاص کر سونے سے پہلے وہ شخص ہمیشہ حفظِ خدا میں رہے گا صُبح تک، اور قیامت کے روز امنِ خدا میں ہوگا یہاں تک کہ بہشت میں داخل ہو اور اِس سورے کو منجیہ بھی کہتے ہیں اِس واسطے کہ نجات دینے والا ہے اور سورۂ واقیہ بھی کہتے ہیں اِس واسطے کہ عذاب قبر سے نگاہ رکھنے والا ہے رسولِ خداؐ نے فرمایا "انّھا واقیۃ من عذاب القبر"۔

سُوْرَةُ الْمُلْكِ

نزلت بمكية تمرالحاوهي ثلثون اية

سورہ ملک مکہ میں نازل ہوا اور اس کی ۳۰ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

جس (خدا) کے قبضہ میں (سارے جہان کی) بادشاہت ہے وہ بڑی برکت والا اور وہ ہر چیز پر

شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ

قادر ہے۔ جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کام میں سب سے اچھا

لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ

کون ہے اور وہ غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے

الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى فِيْ

جس نے سات آسمان تلے اوپر بنا ڈالے، بھلا تجھے خدا کی

خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ

آفرینش میں کوئی کسر نظر آتی ہے تو پھر آنکھ اُٹھا کر دیکھ بھلا تجھے

تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ؀ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ

کوئی شگاف نظر آتا ہے، پھر دوبارہ آنکھ اُٹھا کر دیکھ تو (ہر بار تیری) نظر ناکام

اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ؀ وَلَقَدْ زَيَّنَّا

اور تھک کر تیری طرف پلٹ آئے گی، اور ہم نے نیچے والے (پہلے) آسمان

السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

کو (تاروں) کے چراغوں سے زینت دی ہے اور ہم نے اُن کو شیطان کے

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ؀ وَلِلَّذِيْنَ

مارنے کا آلہ بنایا اور ہم نے اُن کے لئے دہکتی ہوئی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو لوگ

كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ○ اِذَآ

اپنے پروردگار کے منکر ہیں ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے، جب یہ

اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ ۙ تَكَادُ

لوگ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی بڑی چیخ سنیں گے اور وہ جوش مار رہی ہوگی، بلکہ

تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ

گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی، جب اس میں (انکا) کوئی گروہ ڈالا جائے گا، تو ان سے

خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ○ قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا

داروغہ جہنم پوچھے گا کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا پیغمبر نہیں آیا تھا وہ کہیں گے ہاں ہمارے

نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۚ

پاس ڈرانے والا پیغمبر تو ضرور آیا تھا مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا کہ خدا نے تو

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ○ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا

کچھ نازل نہیں کیا، تم تو بڑی (گہری) گمراہی میں پڑے ہو اور (یہ بھی) کہیں گے کہ اگر ہم

نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ○

(بات) سنتے یا سمجھتے تب تو (آج) دوزخیوں میں نہ ہوتے، غرض

فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ○

وہ اپنے گناہ کا اقرار کر لیں گے، تو دوزخیوں کو خدا کی رحمت سے دوری ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ

بے شک جو لوگ اپنے پروردگار سے بے دیکھے بھالے ڈرتے ہیں ان کے لئے مغفرت اور

وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ○ وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۖ

بڑا بھاری اجر ہے، اور تم لوگ اپنی بات چھپا کر کہو یا کھلم کھلا وہ تو دل کے

اِنَّهٗ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ

بھیدوں تک سے خوب واقف ہے، بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر

خَلَقَ ۖ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ○ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ

ہے اور وہ تو بڑا باریک بین واقف کار ہے، وہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے

لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا

لیے نرم (وہموار) کردیا تو اس کے اطراف (وجوانب) میں چلو پھرو اور اس کی (دی ہوئی)

مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ۝ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ

روزی کھاؤ، اور پھر اسی کی طرف قبر سے اٹھ کر جانا ہے، کیا تم اس شخص سے جو آسمان میں

فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ

(حکومت کرتا) ہے اس بات سے بےخوف ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دے پھر وہ یکبارگی الٹ پلٹ کرنے لگے

تَمُوْرُ ۝ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ

یا تم اس بات سے بےخوف ہو کہ جو آسمان میں سلطنت کرتا ہے کہ تم پر پتھر بھری آندھی چلا دے

حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ

تو تمہیں عنقریب ہی معلوم ہو جائیگا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے۔ اور جو ان سے پہلے تھے انھوں نے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا

جھٹلایا تھا تو (دیکھو) کہ میری ناخوشی کیسی تھی، کیا ان لوگوں نے اپنے سروں پر چڑیوں کو اُڑتے

اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ

نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے رہتی ہیں اور سمیٹ لیتی ہیں کہ خدا کے سوا انھیں کوئی

اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ ۢ بَصِيْرٌ ۝ اَمَّنْ هٰذَا

نہیں روکے رہ سکتا ہے، بے شک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے، بھلا خدا کے سوا ایسا کون

الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ

ہے جو تمہاری فوج بن کر تمہاری مدد کرے، کافر لوگ تو دھوکے

اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۝ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ

ہی دھوکے میں ہیں، بھلا خدا اگر اپنی (دی ہوئی) روزی

يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّ

روک لے تو کون ایسا ہے جو تمہیں رزق دے مگر یہ کفار تو سرکشی اور نفرت (کے بھنور) میں

نُفُوْرٍ ۝ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ

پھنسے ہوئے ہیں، بھلا جو شخص اوندھا اپنے منہ کے بل چلے وہ زیادہ ہدایت یافتہ ہوگا یا وہ

وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل

يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ

شخص جو سیدھا برابر راہ راست پر چل رہا ہو (اے رسول) تم کہدو کہ خدا تو وہی ہے جس نے تم کو

اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ

نت نیا پیدا کیا اور تمہارے واسطے کان اور آنکھیں اور دل بنایا مگر تم تو بہت کم

قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي

شکر ادا کرتے ہو کہدو وہی تو وہ ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا دیا اور

الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

اسی کے سامنے جمع کئے جاؤ گے، اور کفار کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ

(آخر) یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا، (اے رسول) تم کہدو کہ (اس کا) علم تو بس خدا ہی

عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهُ

کو ہے اور میں تو صرف صاف صاف (عذاب سے) ڈرانے والا ہوں، تو جب یہ لوگ اسے قریب

زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا

دیکھ لیں گے تو (خوف کے مارے) کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور ان سے کہا جائیگا یہ

الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

وہی ہے جس کے تم خواستگار تھے (اے رسول) تم کہدو بھلا دیکھو تو کہ اگر خدا

اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيْرُ

مجھ کو اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم فرما دے تو کافروں کو دردناک

الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ

عذاب سے کون پناہ دے گا، تم کہدو کہ وہی خدا بڑا رحم کرنے والا

اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ

ہے جس پہ ایمان لائے ہیں اور اسی پر بھروسہ کر لیا ہے تو عنقریب ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ

کہ کون صریحی گمراہی میں پڑا ہے (اے رسول) تم کہدو کہ بھلا دیکھو تو کہ اگر تمہارا پانی زمین

غُوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝
کے اندر چلا جائے کون ایسا ہے جو تمہارے پانی کا چشمہ بہا لائے

اسنادِ سورۂ رحمٰن

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ جناب سرور کائنات محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہر چیز کے واسطے ایک عروس ہے اور قرآن کی عروس سورۂ رحمٰن ہے، اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سورۂ رحمٰن کا پڑھنا ترک مت کرو کہ یہ سورہ منافقوں کے دلوں میں نہیں ٹھہرتی ہے اور قیامت کے روز یہ سورہ اپنے پروردگار کے روبرو خوبصورت آدمی کی شکل میں ہو کر آئیگی اور جو مقام کہ زیادہ قریب ہے وہاں کھڑی ہوگی اور کہتے ہیں کہ کسی کو ایسا مرتبہ حاصل نہ ہوا کہ وہاں کھڑا ہو، پس خدائے تعالےٰ خطاب کرے گا اس سورہ کو کہ کون آدمی دنیا میں ہمیشہ تیری تلاوت کرتا تھا اور وہ سورہ کہے گی کہ فلاں فلاں، خدائے تعالیٰ ان لوگوں کے چہروں کو روشن اور نورانی کرے گا اور کہے گا کہ جس کو تم دوست رکھتے ہو اُس کی شفاعت کرو، پس جس کو چاہیں گے شفاعت کریں گے اور جس کے وہ شفیع ہونگے اُس کو خدا فرمائے گا میرے بہشت میں ساکن ہو کہ جو کچھ تیری آرزو اور خواہش ہے وہ سب وہاں موجود ہے۔

اور دوسری روایت میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو کوئی سورۂ رحمٰن کو پڑھے اور بعد فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کے لَا بِشَیْءٍ مِّنْ اٰلَآئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ کہے پس اگر رات کو پڑھا ہے تو مرے گا شہید، اور اگر دن کو پڑھا ہے اور پھر مر جائے تو شہید مرے گا، اور جمعہ کے روز سورۂ رحمٰن پڑھنے کی اور فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کے بعد لَا بِشَیْءٍ مِّنْ اٰلَآئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ کہنے کی بہت تاکید ہے اور ثواب ہے، اور کہتے ہیں کہ پہلے سب سے قرآن کو بلند آواز سے ابن مسعود نے قریش کے روبرو پڑھا تھا، اور کیفیت اس کی اس طرح ہے کہ اصحاب ایک جگہ پر جمع تھے، کہا قریش نے قرآن نہیں سُنا ہے ہم میں سے کون ہے کہ جرأت کرکے بآواز بلند اُن کے روبرو قرآن کو پڑھے عبداللہ ابن مسعود نے کہا کہ میں پڑھوں گا، وہ اپنے مقام سے اُٹھا اور مقام ابراہیم میں گیا اور وہاں کھڑے ہو کر بآواز بلند سورۂ رحمٰن کو پڑھا، قریش اپنے اپنے مقام پر بیٹھے تھے اسکے پڑھنے کو سُن کر بہت تعجب کیا اور آپس میں کہا کہ یہ مرد کیا کہتا ہے، پس چند آدمی اُن میں سے اُٹھے اور اُس کو اِس قدر مارا کہ زدوکوب کے نشانات اُس کے بدن پر نمایاں ہو گئے اور وہ اسی طرح پڑھتا تھا اور پڑھنے سے بند نہیں ہوتا تھا، یہاں تک کہ کئی آیتیں پڑھ کر وہاں سے پھرا اور اصحاب نے کہا کہ ہم میں ایسی جرأت قرآن کے پڑھنے میں کوئی نہیں کر سکتا۔

سُورَةُ الرَّحْمٰنِ

مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ ثَمَانٌ وَسَبْعُونَ اٰيَةً وَثَلٰثُ رُكُوعَاتٍ

سورہ رحمٰن مدینہ میں نازل ہوا اور اس کی ۷۸ آیتیں اور ۳ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں، جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝

بڑا مہربان (خدا) اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی اسی نے انسان کو پیدا کیا

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝

اسی نے اس کو (اپنا مطلب) بیان کرنا سکھایا، سورج اور چاند ایک مقرر حساب سے چل رہے ہیں

وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ۝ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا

اور بوٹیاں بیلیں اور درخت اسی کو سجدہ کرتے ہیں اور اسی نے آسمان کو بلند کیا

وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۝ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ۝ وَ

اور ترازو (انصاف) کو قائم کیا تاکہ تم لوگ ترازو سے (تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو اور

اَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ۝

انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو اور تول کم مت کرو

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۝ فِيْهَا فَاكِهَةٌ

اور اسی نے لوگوں کے نفع کیلئے زمین بچھائی کہ اس میں میوے اور

وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

کھجور کے درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں اور اناج جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے

وَالرَّيْحَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

اور خوشبودار پھول تو (اے گروہ جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت نہ مانو گے

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝ وَ

اسی نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا اور

خَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

اسی نے جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا، تو (اے گروہ جن و انس) تم اپنے پروردگار کی کس کس

رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۚ رَبُّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ ۚ

نعمت سے انکار کرو گے (دہ جاؤ گے مگر جی گے)، دونوں مشرقوں کا مالک ہے اور دونوں مغربوں کا بھی مالک ہے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۚ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ

تو تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے۔ اسی نے دو دریا بہائے باہم ملتے ہیں

بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا

دونوں کے درمیان ایک فاصل (روک) ہے جس سے تجاوز نہیں کر سکتے، تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت

تُکَذِّبٰنِ ۚ یَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۚ

سے انکار کرو گے۔ ان دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۚ وَلَهُ الْجَوَارِ

تو تم دونوں اپنے رب کی کون کونسی نعمت سے مکرو گے، اور جہاز جو دریا میں پہاڑوں کی طرح

الْمُنْشَئٰتُ فِی الْبَحْرِ کَالْاَعْلَامِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

اونچے کھڑے رہتے ہیں اسی کے ہیں تو تم دونوں اپنے رب کی

رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۚ کُلُّ مَنْ عَلَیْهَا فَانٍ ۚ وَّیَبْقٰی

کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے، جو (مخلوق) زمین پر ہے سب کو فنا ہونا ہے اور صرف تمہارے

وَجْهُ رَبِّکَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِکْرَامِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

رب کی ذات جو عظمت اور کرامت والی ہے باقی رہے گی تو تم دونوں اپنے مالک کی

رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۚ یَسْئَلُهُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے، اور جتنے لوگ سارے آسمان و زمین میں ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں، وہ ہر وقت

کُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۚ

مخلوق کے (ایک نہ ایک) کام میں ہے، تو تم دونوں اپنے سرپرست کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے

سَنَفْرُغُ لَکُمْ اَیُّهَ الثَّقَلٰنِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

اے دونوں گروہ ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں، تو تم دونوں اپنے

ع ۱

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

پالنے والے کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے، اے گروہ جن و انس اگر تم میں قدرت ہے کہ آسمان

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ

و زمین کے کناروں سے ہو کر کہیں (نکل) کر موت یا عذاب سے بھاگ سکو تو نکل جاؤ

الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ○

مگر تم بغیر قوت اور غلبہ کے نکل ہی نہیں سکتے (حالانکہ) تم میں نہ قوت ہے نہ غلبہ، تو تم

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ

اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے (گنہگار جنوں اور آدمیوں جہنم میں) تم دونوں پر آگ کا

مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

سبز شعلہ اور سیاہ دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو تم دونوں (کسی طرح) روک نہ سکو گے، پھر تم دونوں

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ

اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے، پھر جب آسمان پھٹ کر (قیامت میں) تیل کی طرح لال

وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۞ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○

ہو جائے گا تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے مکرو گے،

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ○

تو اس دن نہ تو کسی انسان سے اس کے گناہ کے بارے میں پوچھا جائے گا نہ کسی جن سے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ

تو تم دونوں اپنے مالک کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے، گنہگار لوگ تو اپنے چہروں ہی سے پہچان

بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ۞ فَبِاَيِّ

لئے جائیں گے تو پیشانی کے بال اور پاؤں پکڑ کے (جہنم میں ڈال دیئے جائیں گے) آخر تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ

اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے (پھر ان سے کہا جائیگا) یہی وہ جہنم ہے جسے گنہگار لوگ

بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ○ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ

جھٹلایا کرتے تھے یہ لوگ دوزخ اور کھولتے ہوئے پانی کے درمیان بے قرار دوڑتے (پھریں گے)

حَمِيمٍ اٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ وَلِمَنْ

چکر لگاتے پھریں گے، تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے، اور جو شخص اپنے

خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پروردگار کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا رہا اس کے لئے دو دو باغ ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ ۝ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نعمت سے انکار کرو گے، دونوں باغ درختوں کی ٹہنیوں سے ہرے بھرے (میووں) لدے ہونگے تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس

تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

نعمت کو جھٹلاؤ گے ان دونوں میں دو چشمے بھی جاری ہونگے تو تم دونوں اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ۝

کس کس نعمت سے مکرو گے، ان دونوں باغوں میں سب میوے دو دو قسم کے ہوں گے،

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍ

تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے، یہ لوگ ان فرشوں پر جن کے استر اطلس کے ہوں گے

بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝

تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے دونوں باغوں کے میوے اسقدر قریب ہونگے کہ اگر چاہیں درخت لگے ہوئے کھالیں، تو تم

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ

دونوں اپنے مالک کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے، ان میں (پاکدامن) غیر کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنے والی

الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۝

عورتیں ہوں گی جن کو ان سے پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا ہوگا اور نہ جن نے تو تم

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ

دونوں اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے، ایسی (حسین) گویا وہ (مجسم) یاقوت

وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ هَلْ

اور مونگے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے مکرو گے، بھلا نیکی کا بدلہ

جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نیکی کے سوا کچھ اور بھی ہے، پھر تم دونوں اپنے مالک کی کس کس نعمت کو

تُكَذِّبٰنِ ○ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ

جھٹلاؤ گے، ان دونوں باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں، تو تم دونوں اپنے پالنے والے کی کس کس

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ مُدْهَآمَّتٰنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

نعمت سے انکار کرو گے، دونوں نہایت گہرے سبز اور شاداب، تو تم دونوں اپنے سرپرست کی کن کن نعمتوں سے

تُكَذِّبٰنِ ○ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ

انکار کرو گے ان دونوں باغوں میں دو چشمے جوش مارتے ہوں گے، تو تم اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ○

کس کس نعمت سے مکرو گے، ان دونوں میں میوے خرمے اور انار ہوں گے، تو تم

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ

دونوں اپنے مالک کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے، ان باغوں میں خوش خلق اور خوبصورت

حِسَانٌ ○ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ حُوْرٌ

عورتیں ہوں گی، تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے وہ حوریں جو

مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ○ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

خیموں میں چھپی بیٹھی ہیں پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت سے

تُكَذِّبٰنِ ○ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ○

انکار کرو گے، ان سے پہلے ان کو کسی انسان نے چھوا تک نہیں اور نہ جن نے

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى

پھر تم دونوں اپنے مالک کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے یہ لوگ سبز قالینوں اور نفیس

رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ○ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ

و حسین مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے، پھر تم دونوں اپنے

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي

پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے (اے رسول ﷺ) تمہارا پروردگار جو صاحب جلال و کرامت

الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ○ ع

ہے اس کا نام بڑا بابرکت ہے۔

سبع ۳ ۱۳

اسنادِ سورۂ مزمّل

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص سورۂ مزمّل نماز عشا میں یا آخر شب پڑھے، یہ سورہ شب و روز اس کے نیک اعمال کا گواہ ہوگا اور یہ سورہ خدا کے نزدیک اس کی گواہی دیگا اور حق تعالیٰ اسکے واسطے موت اور زندگی پاکیزہ بخشے گا، اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سورہ کا پڑھنے والا ہرگز محتاج نہ ہوگا اور مصباح العابدین میں وارد ہے کہ جو شخص بہ نیت دفع عسرت بعد عشا گیارہ بار اس سورے کو پڑھے ترقی معیشت حاصل ہو۔

سُورَةُ الْمُزَّمِّلُ

مَكِّيَّةٌ وَهِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّرُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗۤ

اے (میرے چادر لپیٹنے والے (اے رسول) رات کو (نماز کے واسطے) کھڑے ہو کر مگر (پوری رات نہیں) تھوڑی رات کو آدھی

اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ

رات یا اس سے بھی کچھ کم کر دو یا اس سے کچھ بڑھا دو، اور قرآن کو باقاعدہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو

تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ

ہم عنقریب تم پر ایک بھاری حکم نازل کریں گے اس میں شک نہیں کہ رات کا اٹھنا خوب

نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ

(نفس کا) پامال کرن اور بہت ٹھکانے سے ذکر کا وقت ہے۔ دن کو تمھارے اور بہت سے بڑے بڑے

لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

اشغال ہیں، تو تم اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے ہو رہو

وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

(وہی) مشرق اور مغرب کا مالک ہے اس کے سوا کوئی

لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا

معبود نہیں تو تم اسی کو کارساز بناؤ اور جو کچھ لوگ بکا کرتے ہیں اس پر صبر کرو

يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا ۝ وَذَرْنِي

اور اُن سے بعنوان شائستہ الگ تھلگ رہو ۔ اور مجھے ان جھٹلانے

وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ۝

والوں سے جو دولت مند ہیں سمجھ لینے دو بیشک ہمارے پاس بیڑیاں بھی

إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالًا وَجَحِيمًا ۝ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ

ہیں اور جلانے والی آگ (بھی) اور گلے میں پھنسنے والا کھانا (بھی)

وَعَذَابًا أَلِيمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ

اور دُکھ دینے والا عذاب (بھی) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے لگیں گے اور پہاڑ ریت کے

الْجِبَالُ كَثِيبًا مَهِيلًا ۝ إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا

ٹیلے سے بھر بھرے ہو جائیں گے، (اے اہل مکہ والو) ہم نے تمہارے پاس (اسی طرح) ایک رسول (محمدؐ)

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ رَسُولًا ۝

کو بھیجا جو تمہارے معاملہ میں گواہی دے جس طرح فرعون کے پاس ایک رسول (موسیٰ) کو بھیجا تھا تو فرعون نے

فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا ۝

اس رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے بھی (اس کی سزا) میں اسکو بہت سخت پکڑا ، تو اگر

فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ

تم بھی نہ مانو گے تو اس دن (کے عذاب) سے کیونکر بچو گے جو بچوں کو بوڑھا

شِيبًا ۝ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهِ ۚ كَانَ وَعْدُهُ

بنا دے گا ، جس دن آسمان پھٹ پڑے گا ، یہ اس کا وعدہ پورا ہو کر

مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

رہے گا، بے شک یہ نصیحت ہے تو جو شخص چاہے اپنے پروردگار کی راہ اختیار

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى

کرے، (اے رسول) تمہارا پروردگار جانتا ہے کہ تم اور تمہارے چند ساتھ

مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ

کے لوگ (کبھی) دو تہائی رات کے قریب، اور کبھی آدھی رات اور کبھی تہائی رات (نماز میں) کھڑے

مَعَكَ ۚ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ

رہتے ہو اور خدا ہی رات اور دن کا اچھی طرح اندازہ کر سکتا ہے، اسے معلوم ہے کہ تم لوگ اس کو پوری طرح سے

فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۚ عَلِمَ اَنْ

ادا نہیں ہو سکتے تو اس نے تم پر مہربانی کی تو جتنا آسانی سے ہو سکے اتنا نماز میں قرآن پڑھ لیا کرو

سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى

وہ جانتا ہے کہ عنقریب تم میں سے بعض بیمار ہو جائیں گے اور بعض خدا کے فضل کی تلاش میں روئے زمین

الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ

پر سفر اختیار کریں گے اور کچھ لوگ خدا کی راہ میں جہاد کریں گے، تو جتنا

يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ

تم سے آسانی سے ہو سکے پڑھ لیا کرو اور نماز پابندی سے پڑھو اور

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ

زکوٰۃ دیتے رہو اور خدا کو قرض حسنہ دو اور جو نیک عمل

قَرْضًا حَسَنًا ۚ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

اپنے واسطے (خدا کے سامنے) پیشتر بھیج دو گے اس کو خدا کے ہاں

تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۚ

بہتر اور بزرگ تر پاؤ گے، اور خدا سے مغفرت کی دعا مانگو

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

بے شک خدا بڑا بخشنے والا مہربان ہے

اسنادِ سورۂ دھر

تفسیرِ برہان میں جناب رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ جو شخص اِس سورہ کو پڑھے تو اس کی جزا خدا پر جنت و حریر ہو گی اور جو شخص مداومت کرے تو اُس کا ضعیف نفس قوی ہو گا۔ اور جو شخص اِس کا پانی پیئے تو اپنے مرض سے شفا پائے گا اور دردِ دل کو نفع کرے گا اور جسم اِس کا صحیح ہو گا۔ امام جعفر صادق علیہ السّلام سے مروی ہے کہ اس کا پڑھنا نفس کو قوی کرتا ہے، اگر پڑھنے میں عاجز ہو تو لکھوائے اور دھو کر پیئے اور جو شخص اِس کو لڑائی میں پڑھے تو اس کا دشمن مقہور ہو گا اگر دُمَّل پر لکھ کر لٹکائے تو زائل ہو گا۔ اور امام علی نقی علیہ السّلام نے فرمایا کہ جو شخص روزِ دوشنبہ کے شر سے محفوظ رہنا چاہے تو وہ صُبح کی نماز کی پہلی رکعت میں یہ سُورہ پڑھے۔

سُورَۃُ الدَّھر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلۡ اَتٰی عَلَی الۡاِنۡسَانِ حِیۡنٌ مِّنَ الدَّهۡرِ

بیشک انسان پر ایک ایسا وقت آ چکا ہے - کہ وہ کوئی چیز قابل ذکر نہ تھا

لَمۡ یَكُنۡ شَیۡـًٔا مَّذۡكُوۡرًا ۝ اِنَّا خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ

ہم نے انسان کو مخلوط نطفے سے پیدا کیا

مِن نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا

کیا کہ ہم اسے آزمائیں تو ہم نے اُسے سنتا دیکھتا بنایا اور اس کو رستہ بھی

بَصِيْرًا ۝ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا

دکھا دیا (اب وہ) شکر گزار ہو یا ناشکرا ہم نے کافروں کے لئے

وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۟ وَ

زنجیریں، طوق اور دہکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے بیشک نیکوکار لوگ شراب کے وہ ساغر

اَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ

پئیں گے جنمیں کافور کی آمیزش ہوگی، یہ ایک چشمہ ہے جس میں خدا کے (خاص) بندے

كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ

پئیں گے اور جہاں چاہیں گے بہالے جائیں گے، یہ لوگ وہ ہیں جو نذریں پوری کرتے

بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝ يُوْفُوْنَ

ہیں اور اس دن سے جس کی سختی ہر طرف پھیلی ہوگی ڈرتے ہیں اور اس کی محبت میں محتاج

بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝

اور یتیم اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تم کو بس خالص خدا کے لئے کھلاتے

وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّ

ہیں ہم نہ تم سے بدلے کے خواستگار ہیں اور نہ شکر گزاری کے ہم کو تو اپنے

اَسِيْرًا ۝ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ

پروردگار سے اس دن کا ڈر ہے جس میں منہ بن جائیں گے (اور چہرے) پر ہوائیاں اڑتی

جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا

ہوں گی تو خدا انہیں اس دن کی تکلیف سے بچالے گا اور انکو تازگی اور خوش دلی عطا فرمائے گا

عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اور ان کے صبر کے بدلے (بہشت کے) باغ اور ریشم کی پوشاک عطا فرمادے گا، وہاں وہ تختوں پر

وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا

تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے نہ وہاں وہ (آفتاب کی) دھوپ دیکھیں گے نہ شدت کی سردی

جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ۙ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ

اور نہ گھنے درختوں کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور میووں کے گچھے ان کے قریب ہر طرح ان کے

لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۚ وَدَانِيَةً

اختیار میں اور ان کے سامنے چاندی کے ساغر اور شیشے کے نہایت صاف شفاف گلاس کا دور

عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ۝ وَيُطَافُ

چل رہا ہوگا، اور شیشے بھی (کانچ کے نہیں) چاندی کے جو ٹھیک اندازے کے مطابق بنائے گئے ہیں

عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا ۙ

اور وہاں انہیں ایسی شراب پلائی جائے گی جس میں زنجبیل (کے پانی) کی آمیزش ہوگی۔ یہ بہشت

قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ۝ وَيُسْقَوْنَ

میں ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے اور ان کے سامنے ہمیشہ ایک حالت پر رہنے والے

فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ۚ عَيْنًا فِيْهَا

نوجوان لڑکے چکر لگاتے ہونگے، کہ جب تم ان کو دیکھو تو سمجھو کہ بکھرے ہوئے موتی ہیں

تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ۝ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

اور جب تم وہاں نگاہ اٹھاؤ گے تو ہر طرح کی نعمت اور عظیم الشان سلطنت دیکھو گے

مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ۝

ان کے اوپر سبز کریب اور اطلس کی پوشاک ہوگی، اور [illegible] انہیں

وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ۝

چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور ان کا پروردگار انہیں نہایت پاکیزہ

عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۡ وَّحُلُّوْٓا

شراب پلائے گا، یہ یقیناً تمہارے لیے ہوگا تمہاری (کارگذاریوں) کے صلہ میں اور

اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ۝

تمہاری کوشش قابل شکر گذاری ہے۔ اے رسول ہم نے تم پر قرآن کو رفتہ

اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ۝ ع

رفتہ کرکے نازل کیا تو تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو اور ان لوگوں

ع ۲۲ ۱۹

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ تَنْزِيلًا ۝ فَاصْبِرْ

میں سے گنہگار اور ناشکرے کی پیروی نہ کرنا۔ صبح شام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو

لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِمًا أَوْ كَفُورًا ۝

اور کچھ رات گئے اس کا سجدہ کرو۔ اور بڑی رات تک اس کی

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝ وَمِنَ اللَّيْلِ

تسبیح کرتے رہو۔ یہ لوگ یقینی دنیا کو پسند کرتے ہیں اور

فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا ۝ إِنَّ هٰؤُلَاءِ

بڑے بھاری دن کو اپنے پس پشت چھوڑ بیٹھتے ہیں، ہم نے ان کو پیدا

يُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ وَرَاءَهُمْ يَوْمًا

کیا اور ان کے اعضا کو مضبوط بنایا اور اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے

ثَقِيلًا ۝ نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ وَ

ان ہی کے ایسے لوگ لے آئیں۔ بیشک یہ قرآن سراسر نصیحت ہے تو جو

إِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا أَمْثَالَهُمْ تَبْدِيلًا ۝ إِنَّ

شخص چاہتا ہے اپنے پروردگار کی راہ لے اور جب تک خدا کو منظور نہ ہو

هٰذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِ

تم لوگ کچھ بھی چاہ نہیں سکتے بے شک خدا

سَبِيلًا ۝ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ إِنَّ

بڑا واقف کار دانا ہے جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل

اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ يُدْخِلُ مَنْ

کرے اور ظالموں کے واسطے اس نے

يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمِينَ أَعَدَّ لَهُمْ

دردناک عذاب

عَذَابًا أَلِيمًا ۝

تیار کر رکھا ہے

ع ۲

اسناد سُورۃُ المُدّثر

مجمع البیان میں بروایت ابی بن کعب جناب رسولؐ خدا نے فرمایا کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو خداوند عالم اُس کو جناب رسالت مآبؐ کی رسالت کی تصدیق کرنے والوں کے مثل دس حسنہ عطا فرمائے گا۔ اور امام محمد باقر علیہ السّلام نے فرمایا کہ جو شخص فریضہ میں اس کو پڑھے تو خداوند عالم پر اس کا حق ہوگا کہ اس کو جناب رسول خداؐ کے ساتھ آپ کے درجہ میں جگہ دے اور اس سے اس کی زندگی میں کبھی کوئی شقاوت ظاہر نہ ہوگی اور جناب رسولِ خدا سے منقول ہے کہ جو شخص مداومت کرے تو اجر عظیم حاصل ہو اور بعد ختم سورہ حفظ قرآن کی دُعا کرے تو جب تک یاد نہ کریگا نہ مریگا، اور جو شخص مداومت کرے اور آخر میں جس حاجت کے لئے دُعا کرے گا بر آوے گی ۞

سُورۃُ المُدّثّر

سورۂ مدثر مکہ میں اترا اور اس کی ۵۶ آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝

اے (میرے) کپڑا اوڑھنے والے (رسول) اُٹھو اور لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ اور اپنے پروردگار کی بڑائی کرو

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ

اور کپڑے پاک رکھو اور گندگی سے الگ رہو اور اس طرح احسان نہ کرو کہ زیادہ کے خواستگار ہو اور اپنے پروردگا

تَسْتَكْثِرُ ۝ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝ فَاِذَا نُقِرَ فِي

کے لئے صبر کرو، پھر جب صور پھونکا جائے گا تو وہ دن کافروں

النَّاقُوْرِ ۝ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۝ عَلَى

پر سخت دن ہوگا آسان نہیں ہوگا، (اے رسول) مجھے اور اس شخص کو

الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ۝ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ

چھوڑ دو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا اور اسے بہت سا مال دیا

وَحِيْدًا ۝ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝ وَّ

اور نظر کے سامنے رہنے والے بیٹے (دیئے) اور

بَنِيْنَ شُهُوْدًا ۝ وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۝ ثُمَّ

اسے ہر طرح کے سامان میں وسعت دی پھر اس پر بھی وہ طمع

يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ۝ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا

رکھتا ہے کہ میں اور بڑھاؤں یہ ہرگز نہ ہوگا۔ یہ تو میری آیتوں کا

عَنِيْدًا ۝ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ۝ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝

دشمن تھا، تو میں عنقریب اسے سخت عذاب میں مبتلا کردوں گا۔ اس نے فکر کی اور

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝

تجویز کی تو یہ کمبخت مارا جاتا، اس نے کیونکر تجویز کی پھر غور کیا پھر تیوری چڑھائی اور منہ بنالیا پھر منہ پھیر کر

ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝

چلا گیا اور اکڑ بیٹھا پھر کہنے لگا یہ تو بس جادو ہے جو (اگلوں) سے

فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۝ اِنْ هٰذَآ اِلَّا

چلا آتا ہے یہ تو بس آدمی کا کلام ہے (خدا کا نہیں) میں اسے عنقریب جہنم

قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ

میں جھونک دوں گا اور تم کیا جانو کہ جہنم کیا ہے وہ نہ باقی رکھے گی نہ چھوڑ دے گی

مَا سَقَرُ ۝ لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ۝ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝

اور بدن کو جلا کر سیاہ کر دے گی اس پر انیس (فرشتے معین) ہیں

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝ وَمَا جَعَلْنَآ أَصْحٰبَ النَّارِ إِلَّا

اور ہم نے جہنم کا نگہبان تو بس فرشتوں کو بنایا ہے اور ان کا یہ شمار بھی

مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ

کافروں کی آزمائش کے لئے مقرر کیا تاکہ اہل کتاب (فوراً) یقین

كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ

کرلیں اور مومنوں کا ایمان اور زیادہ ہو اور اہل کتاب

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا إِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ

اور مومنین (کسی طرح) شک نہ کریں اور جن لوگوں کے دلوں میں

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

(نفاق کا) مرض ہے وہ اور کافر لوگ کہہ بیٹھیں کہ اس مثل

وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ أَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ

(کے بیان کرنے) سے خدا کا کیا مطلب ہے؟ یوں خدا جسے چاہتا ہے

يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا يَعْلَمُ

گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور تمہارے

جُنُوْدَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝

ع ۱۵

پروردگار کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ تو آدمیوں

كَلَّا وَالْقَمَرِ ۙ وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ ۝ وَالصُّبْحِ إِذَآ

کے لئے بس نصیحت ہے سن رکھو (ہمیں) چاند کی قسم اور رات کی جب جانے لگے اور

أَسْفَرَ ۙ إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ ۙ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۙ

صبح کی جب روشن ہو جائے کہ وہ (جہنم) بھی ایک بہت بڑی (آفت) ہے (اور) لوگوں

لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ أَنْ يَّتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ ۝ كُلُّ نَفْسٍ

کو ڈرانے والی ہے (سب کے لئے نہیں بلکہ) تم میں سے جو شخص (نیکی کی طرف) آگے بڑھنا اور

بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۙ إِلَّآ أَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ۝ فِيْ

برائی سے پیچھے ہٹنا چاہے، ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے گرو ہے مگر داہنے ہاتھ (میں نامۂ عمل لینے)

جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَاءَلُوْنَ ۝ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ

والے بہشت کے باغوں میں گنہگاروں سے باہم پوچھ رہے ہوں گے کہ آخر تمہیں دوزخ

فِيْ سَقَرَ ۝ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۝ وَلَمْ نَكُ

میں کونسی چیز (گھسیٹ) لائی، وہ لوگ کہیں گے کہ ہم نہ تو نماز پڑھا کرتے تھے اور نہ محتاجوں کو

نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۝ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ۝

کھانا کھلاتے تھے اور اہل باطل کے ساتھ ہم بھی برے کام میں گھس پڑتے تھے)

وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ حَتّٰى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ۝

اور روز جزا کو جھٹلایا کرتے تھے (اور یوں ہی رہے) یہاں تک کہ ہمیں موت آگئی تو

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ۝ فَمَا لَهُمْ عَنِ

اس وقت) انھیں سفارش کرنیوالوں کی سفارش کچھ کام نہ آئے گی، اور انھیں کیا ہو گیا ہے۔

التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ۝ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۝

کہ نصیحت سے منہ موڑے ہوئے ہیں گویا وہ وحشی گدھے ہیں کہ شیر سے (ڈم دبا کر)

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ۝ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ

بھاگتے ہیں۔ اصل یہ ہے کہ ان میں سے ہر شخص اس کا متمنی ہے کہ اسے کھلی ہوئی

اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۝ كَلَّا ۚ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ

آسمانی کتابیں عطا کیجائیں، یہ تو ہرگز نہ ہوگا بلکہ یہ تو آخرت ہی سے

الْاٰخِرَةَ ۝ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَاءَ ذَكَرَهٗ ۝

نہیں ڈرتے (ہاں) بیشک یہ (قرآن سراسر) نصیحت ہے تو جو چاہے اسے یاد رکھے

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَاءَ اللّٰهُ ۚ هُوَ اَهْلُ

اور خدا کی مشیت بغیر تو یہ لوگ یاد رکھنے والے نہیں وہی (بندوں کے)

التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝

ڈرانے کے قابل اور بخشش کا مالک ہے۔

اسنادِ آیۃ الکرسی

مصباح کفعمی میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص اِن آیات کو پڑھے خداوند عالم اس کے قلب میں حکمت و ایمان و خلوص و توکّل و سکینہ و وقار کو داخل کرے گا اور جو اس کو آبِ زمزم یا آبِ باراں سے لکھ کر پیئے اس کے جسم سے ہر بیماری خارج ہوگی اور وسوسۂ شیاطین اور نسیان اِس سے دُور ہوگا اور جو شخص اِس کو تعویذ بنا کر پہنے تو جانوران وحشی اور حشرات الارض سے اور ہر سحر اور بیماری جسم سے محفوظ رہے گا اور خُدا محبّت اس کی لوگوں کے دلوں میں ڈال دے گا۔ اور جو شخص اِس کو پڑھے خدا اُس پر کبھی عذاب نہ کرے گا اور نظرِ رحمت سے اُس کو دیکھے گا اور اس پر تونگری کے دروازے کھول دے گا۔ لکھ کر گلے میں لٹکائے تو دردِ صرع و فقر دُور ہوں گے

آیۃ الکرسی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

میں اس خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ

وہ (ذات پاک) ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ زندہ ہے (اور) سارے جہان کا سنبھالنے والا ہے

وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ

اس کو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (غرض سب کچھ) اسی کا ہے

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ

کون ایسا ہے جو بدون اس کی اجازت کے اس کے پاس (کسی کی) سفارش کرسکے

مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ

جو کچھ ان کے سامنے موجود ہے (وہ) اور جو کچھ (ان کے پیچھے (ہو چکا) ہے (خدا سب کو) جانتا ہے اور

مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ

وہ لوگ اس کے علم میں سے کسی چیز پر بھی) احاطہ نہیں کر سکتے مگر وہ (جیسے) جتنا چاہے (سکھا دے) اس کی کرسی

وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ

سب آسمانوں اور زمینوں کو گھیرے ہوئے ہے اور اسے ان (آسمانوں زمین) کی نگہداشت ایسی (کچھ بھی) گراں نہیں

الْعَظِیْمُ لَاۤ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ

(اور وہ بڑا) عالیشان) بزرگ (مرتبہ) ہے دین میں کسی طرح کی زبردستی نہیں کیونکہ ہدایت گمراہی سے (الگ)

الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

ظاہر ہو چکی تو جس شخص نے جھوٹے خداؤں (معبودوں) سے انکار کیا اور خدا ہی پر ایمان لایا تو اس نے

وَیُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی ۗ

وہ مضبوط رسی پکڑ لی جو ٹوٹ ہی نہیں سکتی اور خدا

لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِیُّ

(سب کچھ) سنتا (اور) جانتا ہے خدا ان لوگوں کا سرپرست ہے جو ایمان لا چکے

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

کہ انھیں (گمراہی کی) تاریکیوں سے نکال کر (ہدایت کی) روشنی میں لاتا ہے اور جن لوگوں نے

وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ یُخْرِجُوْنَهُمْ

کفر اختیار کیا ان کے سرپرست شیطان ہیں کہ ان کو (ایمان کی) روشنی سے نکال کر (کفر کی)

مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ

تاریکیوں میں ڈال دیتے ہیں) یہی لوگ تو جہنمی ہیں اور یہی اس میں

النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

ہمیشہ رہیں گے

اسناد حدیث کساء

اِس حدیث کی شہرت و مقبولیت ظاہر ہے، اِسکے مُستند ہونے میں کسی کو کلام نہیں آیۂ وافی ہدایہ انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرّجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا اہلبیت عصمت و طہارت کی شان والاشان میں بکرات و مرات نازل ہوا ہے، جناب شیخ فخر الدین احمد بن علی بن احمد بن طریح نجفی اعلیٰ اللہ مقامہٗ کتاب المنتخب فی المراثی والخطب مشہور بہ بیاض فخری اور دیگر علماء و مفسرین نے احادیث و روایات کثیرہ و متواترہ سے نقل فرمایا ہے کہ آیۂ تطہیر خمسۂ نجباجناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور علی مُرتضیٰ اور جناب فاطمہ زہراء اور حسن و حسین سیّد الشہداء خامس اصحاب کساء صلوات اللہ وسلامہٗ علیہم اجمعین کی شان میں نازل ہوا ہے، اِس آیت کی شان نزول میں یہی حدیث کساء بیان کی جاتی ہے جس سے فضائل و مناقب اور اہلبیت علیہم السّلام کی شان و عظمت اس کے مُلاحظہ سے ظاہر ہو گی مومنین کی خدمت میں گزارش ہے کہ اِس حدیث شریف کو نہایت خلوص کے ساتھ تین مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ پر درُود بھیجنے کے بعد شروع کریں اور بعد ختم پھر تین مرتبہ صلوٰۃ پڑھیں اور درمیان میں اگر چند قطرۂ اشک نکل آئیں تو پھر جو دُعا کرینگے انشاء اللہ مجیب الدعوات بہ طفیل اصحاب کساء قبول فرمائے گا، کم سے کم روزانہ ایک مرتبہ یا ہفتہ میں ایک دفعہ علی الخصوص شب جمعہ یا روز جمعہ اس کی تلاوت کا سلسلہ قائم رکھیں مُختصر یہ کہ اِس حدیث شریف کساء کی تلاوت سے جو فوائد اہل دُنیا کو پہونچے ہیں وہ بیشمار ہیں۔

اگر پابندی وقت کے ساتھ اِس کی تلاوت کا سلسلہ قائم رکھیں، انشاء اللہ برکت سے اِس کی تمام حاجات مشروعہ دینی و دُنیاوی بر آئیں گی۔ آمین ثم آمین،

حدیثِ کساء

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے۔

رُوِیَ عَنْ فَاطِمَۃَ الزَّھْرَآءِ سَلَامُ اللّٰہِ عَلَیْھَا

روایت کی گئی ہے حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام سے کہ فرمایا ان معصومہ نے تشریف

اَنَّھَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ اَبِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

لائے میرے یہاں پدر بزرگوار میرے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ فِیْ بَعْضِ الْاَیَّامِ وَقَالَ لِیْ یَا فَاطِمَۃُ

بعض دنوں میں اور مجھ سے فرمایا اے فاطمہ میں اپنے

اِنِّیْ لَاَجِدُ فِیْ بَدَنِیْ ضُعْفًا فَقُلْتُ لَہٗ اُعِیْذُکَ

جسم میں ضعف پاتا ہوں حضرت فاطمہ نے آں حضرت سے عرض

بِاللّٰہِ یَا اَبَتَاہُ مِنَ الضُّعْفِ فَقَالَ یَا فَاطِمَۃُ اِیْتِیْنِیْ

کیا میں خدا کی پناہ میں آپ کو دیتی ہوں اے بابا ضعف سے آنحضرت نے فرمایا

بِالْکِسَاءِ الْیَمَانِیِّ وَغَطِّیْنِیْ بِہٖ قَالَتْ فَاطِمَۃُ

اے فاطمہ میرے لئے چادر یمانی لاؤ اور مجھے اڑھاؤ فرمایا حضرت

سَلَامُ اللّٰہِ عَلَیْھَا فَاَتَیْتُہٗ بِالْکِسَاءِ وَغَطَّیْتُہٗ

فاطمہ علیہا السلام نے کہ میں چادر لائی اور میں نے آں حضرت کو

بِہٖ وَصِرْتُ اَنْظُرُ اِلَیْہِ وَاِذَا وَجْھُہٗ یَتَلَاْلَاُ نُوْرًا

اوڑھا دی اور میں اُن جناب کو دیکھ رہی تھی کہ کیا یک چہرہ

کَاَنَّہُ الْبَدْرُ فِیْ لَیْلَۃِ تَمَامِہٖ وَکَمَالِہٖ قَالَتْ

حضرت کا نورانی اور روشن ہو کر چمکنے لگا مثل چودھویں رات کے چاند کے

فَاطِمَۃُ سَلَامُ اللّٰہِ عَلَیْھَا فَمَا کَانَتْ اِلَّا سَاعَۃً

فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے پھر ایک ساعت گذری تھی کہ

وَاِذَا بِوَلَدِیَ الْحَسَنِ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ السَّلَامُ

میرا فرزند حسن آیا اور کہا میرا سلام ہو آپ پر اے مادر گرامی پس کہا

عَلَیْکِ یَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَیْکَ السَّلَامُ یَا قُرَّةَ

میں نے اور تم پر بھی میرا سلام ہو اے خنکی چشم

عَیْنِیْ وَثَمَرَةَ فُؤَادِیْ فَقَالَ لِیْ یَا اُمَّاهُ اِنِّیْ

اور میوہ دل میرے پس حسنؑ نے مجھ سے کہا اے اماں جان میں

اَشَمُّ عِنْدَکِ رَائِحَةً طَیِّبَةً کَاَنَّهَا رَائِحَةُ جَدِّیْ

سونگھ رہا ہوں آپ کے پاس ایسی خوشبو کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا

رَسُوْلِ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ فَقُلْتُ نَعَمْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے فرمایا حضرت فاطمہؑ نے

اِنَّ جَدَّکَ نَائِمٌ تَحْتَ الْکِسَاءِ فَاَقْبَلَ الْحَسَنُ

کہ ہاں تحقیق کہ تمہارے نانا آرام کر رہے ہیں زیر چادر پس حسنؑ

نَحْوَ الْکِسَاءِ وَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا جَدَّاهُ

چادر کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کیا سلام ہو آپ پر اے نانا جان

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللهِ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ

میرے اور سلام ہو آپ پر اے رسول خدا کیا آپ مجھے اجازت دیتے

اَدْخُلَ مَعَکَ تَحْتَ هٰذَا الْکِسَاءِ فَقَالَ لَهٗ

ہیں کہ میں داخل ہوں آپ کے پاس اس چادر میں پس حضرت رسول خدا نے

نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَکَ فَدَخَلَ الْحَسَنُ عَلَیْهِ

فرمایا حسنؑ سے میں تم کو اجازت دیتا ہوں پس امام حسنؑ

السَّلَامُ مَعَهٗ تَحْتَ الْکِسَاءِ قَالَتْ فَاطِمَةُ

آنحضرت کے پاس زیر چادر داخل ہوئے فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے

سَلَامُ اللهِ عَلَیْهَا فَمَا کَانَتْ اِلَّا سَاعَةً وَاِذَا

ایک ساعت گذری تھی کہ میرا فرزند حسینؑ آیا اور عرض کیا

بُولَدِی الْحُسَیْنِ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ

حسین ع نے سلام ہو آپ پر اے مادر گرامی پس میں نے

یَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَیْكَ السَّلَامُ یَا قُرَّةَ عَیْنِی

جواب دیا کہ تم پر سلام ہو اے خنکی چشم اور میوہ دل

وَثَمَرَةَ فُؤَادِی فَقَالَ یَا اُمَّاهُ اِنِّی اَشُمُّ عِنْدَكِ

میرے پس عرض کیا امام حسین ع نے اے اماں جان میں آپ کے

رَائِحَةً طَیِّبَةً كَاَنَّهَا رَائِحَةُ جَدِّی رَسُوْلِ اللهِ

پاس ایسی خوشبو سونگھ رہا ہوں کہ گویا وہ خوشبو میرے نانا جناب رسول خدا

صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ فَقُلْتُ نَعَمْ اِنَّ جَدَّكَ

صلے اللہ علیہ وآلہ کی ہے پس میں نے جواب دیا ہاں اے فرزند تمھارے نانا

وَاَخَاكَ تَحْتَ الْكِسَاءِ فَدَنٰی

اور بھائی دونوں آرام کر رہے ہیں زیر چادر پس امام حسین علیہ السلام

الْحُسَیْنُ عَلَیْهِ السَّلَامُ نَحْوَ الْكِسَاءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ

قریب چادر گئے اور عرض کیا حسین ع نے سلام

عَلَیْكَ یَا جَدَّاهُ اَلسَّلَامُ یَا مَنِ اخْتَارَهُ اللهُ

ہو آپ پر اے نانا جان سلام ہو آپ پر اے وہ بزرگوار جس کو خدا نے

اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَكُوْنَ مَعَكُمَا تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاءِ

منتخب کیا ہے کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں آپ

فَقَالَ لَهٗ نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ یَا حُسَیْنُ فَدَخَلَ

دونوں بزرگواروں کے پاس زیر چادر داخل ہوں فرمایا رسول اللہ

مَعَهُمَا الْحُسَیْنُ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاءِ قَالَتْ

نے امام حسین ع سے ہاں میں تم کو اجازت دیتا ہوں پس امام حسین ع دونوں بزرگواروں

فَاطِمَةُ عَلَیْهَا السَّلَامُ ثُمَّ كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً

کے پاس زیر چادر داخل ہوئے فرمایا جناب فاطمہ ع نے پس تھوڑی دیر گذری تھی کہ

وَاِذَا بِاَبِی الْحَسَنِ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَدْ اَقْبَلَ

حضرت ابوالحسن علی ابن ابی طالب علیہ السلام تشریف لائے اور

فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكِ یَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

فرمایا سلام ہو تم پر اے بیٹی رسول خدا کی حضرت فاطمہ

فَقُلْتُ وَعَلَیْكَ السَّلَامُ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ

نے کہا آپ پر بھی سلام ہو یا امیر المومنین ؑ فرمایا

فَقَالَ یَا فَاطِمَةُ اِنِّیْ اَشَمُّ عِنْدَكِ رَائِحَةً

امیر المومنین ؑ نے اے فاطمہ ؑ میں سونگھ رہا ہوں آپکے پاس ایسی خوشبو گویا

طَیِّبَةً كَاَنَّهَا رَائِحَةُ اَخِیْ وَابْنِ عَمِّیْ رَسُوْلِ

وہ خوشبو میرے بھائی اور ابن عم جناب رسول خدا ؐ کی ہے

اللّٰهِ فَقُلْتُ نَعَمْ هُوَ مَعَ وَلَدَیْكَ نَائِمٌ تَحْتَ

میں نے کہا آپ آگاہ ہوں وہ جناب مع آپ کے دونوں فرزندوں کے

هٰذَا الْكِسَاۤءِ فَاَقْبَلَ عَلِیٌّ عَلَیْهِ السَّلَامُ نَحْوَ

آرام کر رہے ہیں چادر کے نیچے پس علی ابن ابی طالب علیہ السلام متوجہ ہوئے

الْكِسَاۤءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

چادر کی طرف اور عرض کیا سلام ہو آپ پر اے رسول خدا سلام ہو آپ پر اے

عَلَیْكَ یَا مَنِ اخْتَارَهُ اللّٰهُ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَدْخُلَ

منتخب کردہ جناب باری عز اسمہ کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں

مَعَكُمْ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ قَالَ نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ

کہ میں بھی آپ کے پاس زیر چادر حاضر ہوں، فرمایا رسول خدا نے ہاں میں نے

لَكَ فَدَخَلَ عَلِیٌّ مَعَهُمْ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ قَالَتْ

اجازت دی پس علی بن ابی طالب علیہ السلام ان کے پاس چادر میں

فَاطِمَةُ سَلَامُ اللّٰهِ عَلَیْهَا ثُمَّ اَقْبَلْتُ نَحْوَ الْكِسَاۤءِ وَقُلْتُ

داخل ہوئے فرمایا حضرت فاطمہ علیہا السلام نے کہ بعد اس کے میں خود اس چادر

اَقْبَلْتُ نَحْوَ الْكِسَاءِ وَقُلْتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

میں خود اس چادر کی طرف متوجہ ہوئی اور عرض کیا میں نے سلام ہو آپ پر

اَبَتَاهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَتَاْذَنُ لِيْ

اے بابا جان سلام ہو آپ پر اے رسول خدا کیا آپ مجھے بھی اجازت

اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاءِ قَالَ نَعَمْ

دیتے ہیں کہ میں آپ کے ساتھ چادر میں داخل ہوں فرمایا رسول خدا

قَدْ اَذِنْتُ لَكِ فَدَخَلْتُ مَعَهُمْ تَحْتَ الْكِسَاءِ

نے ہاں میں اجازت دیتا ہوں تم کو حضرت فاطمہؑ کہتی ہیں کہ میں آں حضرت کے

قَالَتْ فَاطِمَةُ فَلَمَّا اكْتَمَلْنَا جَمِيْعًا تَحْتَ

پاس زیر چادر داخل ہوئی حضرت فاطمہؑ فرماتی ہیں جب ہم سب اہلبیت جمع ہو گئے زیر چادر

الْكِسَاءِ قَالَ اللهُ اِعْلَمُوْا يَا مَلٰٓئِكَتِيْ وَ

تو فرمایا خدائے عز و جل نے آگاہ ہو اے ملائکہ میرے اور رہنے والے میرے

سُكَّانَ سَمٰوَاتِيْ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ اِنِّيْ مَا

آسمانوں کے قسم ہے مجھے اپنے عزت و جلال کی کہ نہیں پیدا کیا میں نے

خَلَقْتُ سَمَآءً مَّبْنِيَّةً وَّلَا اَرْضًا مَّدْحِيَّةً

آسمان کو جو بنایا گیا اور نہ زمین کو جو بچھائی گئی ہے اور نہ ماہ تاب

وَّلَا قَمَرًا مُّنِيْرًا وَّلَا شَمْسًا مُّضِيْئَةً وَّلَا فَلَكًا

نورانی کو اور نہ آفتاب روشن کو اور نہ فلک کو جو دورہ کرتا

يَّدُوْرُ وَلَا بَحْرًا يَّجْرِيْ وَلَا فُلْكًا يَّسْرِيْ

ہے اور نہ دریائے جاری کو اور نہ کشتی کو جو دریا میں چلتی ہے مگر

اِلَّا فِيْ مَحَبَّةِ هٰٓؤُلَآءِ الْخَمْسَةِ الَّذِيْنَ هُمْ

محبت میں ان پانچوں بزرگوں کی جو زیر چادر ہیں

تَحْتَ الْكِسَاءِ فَقَالَ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

پس عرض کیا جبرئیل امین علیہ السلام نے

يَا رَبِّ وَمَنْ تَحْتَ الْكِسَاءِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى هُمْ

اے پروردگار وہ کون بزرگوار زیر چادر ہیں فرمایا خدائے تعالیٰ نے

اَهْلُ بَيْتِ النُّبُوَّةِ وَمَعْدِنُ الرِّسَالَةِ وَهُمْ

وہ اہلبیت نبوت اور معدن رسالت ہیں اور وہ

فَاطِمَةُ وَاَبُوْهَا وَبَعْلُهَا وَبَنُوْهَا فَقَالَ

فاطمہ زہراؑ اور ان کے پدر بزرگوار اور ان کے شوہر اور دونوں فرزند ہیں فرمایا

جَبْرَئِيْلُ يَا رَبِّ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَهْبِطَ اِلَى

جبرئیل نے اے پروردگار مجھے اجازت دے کہ میں زمین پر جا کر ان

الْاَرْضِ لِاَكُوْنَ مَعَهُمْ سَادِسًا فَقَالَ اللّٰهُ

حضرات کے ساتھ چھٹا شخص زیر چادر ہو جاؤں فرمایا خدائے تعالےٰ

تَعَالٰى نَعَمْ قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَهَبَطَ الْاَمِيْنُ

نے تم کو اجازت دی پس نازل ہوئے جبرئیل امین علیہ السلام

جَبْرَئِيْلُ وَاَقْبَلَ نَحْوَ الْكِسَاءِ وَقَالَ اَلسَّلَامُ

اور اس چادر کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کیا سلام ہو آپ پر

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنِ

اے رسول خدا کے اور سلام ہو آپ پر اے نگاہ قدرت

اخْتَارَهُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقْرَئُكَ

کے انتخاب کئے ہوئے بالتحقیق کہ خدائے غالب و جلیل

السَّلَامَ وَيَخُصُّكَ بِالتَّحِيَّةِ وَالْاِكْرَامِ وَيَقُوْلُ

آپ کو سلام ارشاد کرتا ہے اور خاص فرماتا ہے آپکو تحیہ و اکرام کے

لَكَ وَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ اِنِّيْ مَا خَلَقْتُ سَمَاءً

ساتھ اور آپ سے فرماتا ہے کہ مجھے قسم ہے اپنے عزت و جلال کی میں نے

مَبْنِيَّةً وَّلَا اَرْضًا مَّدْحِيَّةً وَّلَا قَمَرًا

نہیں پیدا کیا۔ آسمانوں کو جو بنایا گیا ہے اور نہ زمین کو جو بچھائی گئی سینے

مُنِيْرًا وَّلَا شَمْسًا مُّضِيْئَةً وَّلَا فَلَكًا يَّدُوْرُ

اور نہ ماہ تاب نورانی کو اور نہ آفتاب روشن کو اور نہ فلک کو جو دورہ

وَلَا بَحْرًا يَّجْرِيْ وَلَا فُلْكًا يَّسْرِيْ اِلَّا لِاَجْلِكُمْ

کرتا ہے اور نہ دریائے جاری کو اور نہ کشتی کو جو دریا میں چلتی ہے مگر

وَمَحَبَّتِكُمْ وَقَدْ اَذِنَ لِيْ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ

آپ حضرات کے سبب سے اور محبت کے باعث سے اور مجھ کو اجازت دی ہے

تَحْتَ هٰذَا الْكِسَاۤءِ فَهَلْ تَاْذَنُ لِيْ اَنْتَ يَا

خدا نے کہ میں آپ کے پاس زیر چادر داخل ہوں۔ پس کیا آپ مجھ کو اجازت دیتے ہیں اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ اَدْخُلَ مَعَكُمْ فَقَالَ قَدْ اَذِنْتُ

رسول خدا کہ میں داخل ہوں آپ کے پاس زیر چادر فرمایا رسول خدا نے میں تمکو اجازت

لَكَ فَدَخَلَ جَبْرَئِيْلُ مَعَهُمْ تَحْتَ الْكِسَاۤءِ وَ

دیتا ہوں اے جبرائیل پس جبرائیل زیر چادر داخل ہوئے اور عرض کیا ان بزرگواروں

قَالَ لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ اَوْحٰۤى اِلَيْكُمْ

سے کہ خدائے عزوجل نے وحی فرمائی آپ حضرات کی طرف فرماتا ہے

يَقُوْلُ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ

سوائے اس کے نہیں کہ خدا چاہتا ہے کہ دور رکھے آپ حضرات اہلبیت

اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا فَقَالَ عَلِيٌّ

سے نجاست کو اور آپ کو پاکیزہ رکھے پس عرض کی حضرت علی ابن ابی طالب نے

عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِيْ مَا لِجُلُوْسِنَا

اے رسول خدا بیان فرمائیے مجھ سے اس امر کو جو ہم سب کے بیٹھنے سے

هٰذَا تَحْتَ الْكِسَاۤءِ مِنَ الْفَضْلِ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى

اس چادر میں خدائے تعالیٰ کے نزدیک فضیلت حاصل ہے پس فرمایا رسولِ خدا

فَقَالَ النَّبِيُّ وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ نَبِيًّا

نے قسم ہے اس خدا کی جس نے مجھے مبعوث کیا نبی حق اور برگزیدہ کیا

وَاصْطَفَانِي بِالرِّسَالَةِ نَجِيًّا مَا ذُكِرَ خَبَرُنَا هٰذَا

اِلَى الدُّنْيَا لِلرَّغْبَةِ فِيْهَا اِلٰى اَنْ خَاطَرَ بِنَفْسِهٖ

کہ مشتاق ہوا دنیا کی طرف اور رغبت ظاہر کی اس میں یہاں تک کہ خطرہ میں ڈالا اس نے اپنے

وَمَالِهٖ حِرْصًا مِّنْهُ عَلَيْهِمَا وَقَدْ رَكِبَ الْفُلْكَ وَ

نفس کو اور مال دنیا کے لالچ کی وجہ سے بالتحقیق کہ وہ سوار ہوا کشتی میں اور فوراً کشتی

كُسِرَتْ بِهٖ وَهُوَ فِيْ اٰفَاقِ الْبِحَارِ وَظُلَمِهَا يَنْظُرُ اِلٰى

ٹوٹ گئی اب وہ شخص اطراف دریا اور اس کی تاریکیوں میں سے دیکھتا ہے اپنے نفس

نَفْسِهٖ حَسْرَةً لَّا يَقْدِرُ لَهَا عَلٰى ضَرٍّ وَّلَا نَفْعٍ وَّاَنَا

کی طرف بہ نگاہ حسرت مگر اپنے نفس پر ضرر رسانی یا نفع رسانی کی قدرت نہیں رکھتا اور

خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَلَآ اِلٰهَ اِلَّا

میں ان تمام بلاؤں سے بری ہوں بسبب تیرے جود و کرم کے پس کوئی معبود بجز تیرے

اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ

قابل پرستش نہیں ہے تو ہی پاک ہے اور ایسا قادر کہ مغلوب نہیں ہوتا ہے اور ایسا صاحب تحمل ہے

لَا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْنِیْ

کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما محمد اور آل محمد پر اور بنا مجھ کو اپنے

لَکَ مِنَ الْعَابِدِیْنَ وَلِنَعْمَآئِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَ

عبادت گزاروں اور نعمات کے شکر کرنے والوں اور

لِاٰلَآئِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ وَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ

تیرے احسانات کے ذکر کرنے والوں میں۔ اور مجھ پر رحم نازل فرما بسبب اپنی رحمت کے

الرَّاحِمِیْنَ ﴿۲۰﴾ اِلٰهِیْ وَمَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ وَکَمْ مِّنْ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے میرے معبود اور آقا اور سردار بہت سے تیرے

عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ قَدِ اسْتَمَرَّ عَلَیْهِ الْقَضَآءُ وَاَحْدَقَ

بندے ایسے ہیں جو شام اور صبح کرتے ہیں کہ اس پر جاری ہو گیا ہے حکم قضا۔ اور گھیر لیا ہے

بِهِ الْبَلَآءُ وَالْکُفَّارُ وَالْاَعْدَآءُ وَاَخَذَتْهُ الرِّمَاحُ

اسے بلاؤں اور کافروں اور دشمنوں نے اور گرفتار کر لیا ہے

وَالسُّیُوْفُ وَالسِّهَامُ وَجُدِّلَ صَرِیْعًا قَدْ شَرِبَتِ

اس کو نیزوں اور تلواروں نے اور مجبور

الْاَرْضُ مِنْ دَمِهٖ وَاَکَلَتِ السِّبَاعُ وَالطَّیْرُ مِنْ لَحْمِهٖ

ہو گیا ہے گر کر اور بالتحقیق زمین نے اس کا خون پی لیا اور درندوں اور پرندوں نے اس کا گوشت کھا لیا ہے

وَاَنَا خِلْوٌ مِّنْ ذٰلِکَ کُلِّهٖ بِجُوْدِکَ وَکَرَمِکَ لَا

میں کسی - بات کا حق نہیں رکھتا نہیں کوئی معبود سوائے تیرے جود و کرم کے

بِاسْتِحْقَاقٍ مِّنِّیْ فَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ مِنْ

بات کا حق نہیں رکھتا نہیں کوئی معبود سوائے تیرے قابل پرستش نہیں ہے تو پاک ہے اور ایسا

مُقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاةٍ لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی

قادر ہے کہ مغلوب نہیں ہوتا اور ایسا صاحب تحمل ہے کہ جلدی نہیں کرتا درود نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِنَعْمَآئِکَ مِنَ

اوپر محمد اور آل محمد کے اور بنا مجھ کو اپنی نعمتوں کے شکر گزاروں اور اپنے

الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ وَارْحَمْنِيْ
احسانات کے ذکر کرنے والوں میں سے اور مجھ پر اپنی رحمت نازل کر

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ﴿۲۱﴾ اِلٰهِيْ وَعِزَّتِكَ
اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے معبود مجھے تیری عزت کی قسم

وَجَلَالِكَ يَا كَرِيْمُ لَاَطْلُبَنَّ مِمَّا لَدَيْكَ وَلَاُلِحَّنَّ
اور جلال کی قسم ہے اے کریم میں ضرور طلب کروں گا ان نعمتوں کو جو تیرے پاس ہیں اور

عَلَيْكَ وَلَاَبْتَهِلَنَّ اِلَيْكَ وَلَاَمُدَّنَّ يَدَيَّ نَحْوَكَ
گڑگڑاؤں گا تجھ سے اور زاری کروں گا تیری جناب میں اور پھیلاؤں گا ہاتھ اپنے تیری جانب باوجودیکہ

مَعَ جُرْمِهِمَا اِلَيْكَ فَبِمَنْ اَعُوْذُ يَا رَبِّ وَبِمَنْ
ان ہاتھوں سے تیرے جرم کیے ہیں پس بجز تیرے کس سے پناہ مانگوں میں اے رب میرے اور

اَلُوْذُ لَا اَحَدَ لِيْ اِلَّا اَنْتَ اَفَتَرُدُّنِيْ وَاَنْتَ مُعَوَّلِيْ
کس طرف پناہ چاہوں میرے لئے کوئی نہیں ہے سوائے تیرے۔ آیا کیا تو مجھے پھیر دیگا حالانکہ تو ہی

وَعَلَيْكَ مُتَّكَلِيْ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ
میری امید گاہ ہے اور تجھ ہی پر میرا بھروسہ ہے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس نام پاک کے ذریعہ سے

وَضَعْتَهٗ عَلَى السَّمَآءِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْاَرْضِ
جسے تو نے آسمان پر رکھا تو وہ ٹھہر گیا اور زمین پر رکھا تو اسے قرار ہوا

فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَعَلَى اللَّيْلِ
اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ بلند ہوئے اور رات پر رکھنے سے وہ تاریک ہوئی

فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ
اور دن پر قائم کرنے سے وہ روشن ہوا اور درود نازل فرما محمد اور آل

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَقْضِيَ لِيْ جَمِيْعَ حَوَائِجِيْ وَتَغْفِرَ لِيْ
محمد پر اور میرے لئے میری تمام حاجتوں کو پوری فرما دے اور بخش دے میرے

ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا صَغِيْرَهَا وَكَبِيْرَهَا وَتُوَسِّعَ عَلَيَّ
تمام گناہوں کو صغیرہ ہوں یا کبیرہ اور کشائش عطا فرما مجھ پر

مِنَ الرِّزْقِ مَا تُبَلِّغُنِیْ بِهٖ شَرَفَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

میرے رزق میں تا اینکہ اس سے مجھے شرافت دنیا اور آخرت حاصل ہوئے

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ (۲۲) مَوْلَایَ بِكَ اسْتَغَثْتُ

سب سے زیادہ رحم کرنے والے میرے آقا تجھ ہی سے فریاد کرتا ہوں

فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَغِثْنِیْ وَبِكَ

پس درود نازل فرما محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر اور تجھ ہی سے میں اپنے نیک اعمال

اسْتَجَرْتُ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَجِرْنِیْ

کا بدلہ چاہتا ہوں پس درود بھیج محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ پر اور مجھے اجر دے

وَاَغْنِنِیْ بِطَاعَتِكَ عَنْ طَاعَةِ عِبَادِكَ وَبِمَسْئَلَتِكَ

اور مجھے غنی کر دے بسبب اپنی اطاعت کے خلق سے اور سوال کرنے سے تیری جانب بسبب

عَنْ مَسْئَلَةِ خَلْقِكَ وَانْقُلْنِیْ مِنْ ذُلِّ الْفَقْرِ اِلٰی

کرنے تیری خلقت کے اور پھیر دے مجھ کو فقیری کی ذلت سے تونگری

عِزِّ الْغِنٰی وَمِنْ ذُلِّ الْمَعَاصِیْ اِلٰی عِزِّ الطَّاعَةِ

کی طرف اور گناہوں کی رسوائی سے اطاعت کی عزت کی طرف بہ تحقیق

فَقَدْ فَضَّلْتَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ جُوْدًا

تو نے فضیلت دی ہے مجھ کو اپنی بہت سی مخلوق پر بہ لحاظ اپنے سخی اور کریم ہونے کے

مِّنْكَ وَكَرَمًا لَا بِاسْتِحْقَاقٍ مِّنِّیْ اِلٰهِیْ فَلَكَ

نہ کہ میں مستحق تھا ان باتوں کا اے میرے معبود تیرے ہی لئے

الْحَمْدُ عَلٰی ذٰلِكَ كُلِّهٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

حمد سزاوار ہے ان تمام باتوں پر درود نازل فرما محمدؐ اور آلِ محمدؐ

وَّاجْعَلْنِیْ لَكَ لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ وَ

اور کر مجھ کو اپنی نعمات کے شکر گزاروں میں اور اپنے احسانات کے

لِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِیْنَ وَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ

ذکر کرنے والوں میں اور مجھ پر رحم فرما بسبب اپنی رحمت کے واسطے

سَجَدَ	پس سجدہ برو و بگو	یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے سجدہ میں جاؤ اور کہو سجدہ کیا

وَجْهِیَ الْفَانِی الْبَالِی لِوَجْهِكَ الدَّائِمِ الْبَاقِی

میرے فنا اور پوشیدہ ہو جانے والے چہرہ نے تیری ذات کو جو سب پر غالب ہے

سَجَدَ وَجْهِیَ الذَّلِیْلُ لِوَجْهِكَ الْعَزِیْزِ

اور بزرگ ہے میرے ذلیل چہرہ نے تیری ذات کو غالب ہے سب پر

الْجَلِیْلِ سَجَدَ وَجْهِیَ الْفَقِیْرُ لِوَجْهِكَ الْغَنِیِّ

اور بزرگ ہے سجدہ کیا میرے نادار چہرہ نے تیری ذات کے لئے جو غنی ہے سب سے

الْكَبِیْرِ سَجَدَ وَجْهِیْ وَسَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَلَحْمِیْ

مرتبہ میں بلند ہے سجدہ کیا میرے نادار چہرہ نے میرے کانوں اور آنکھوں اور گوشت اور

وَدَمِیْ وَجِلْدِیْ وَمَا اَقَلَّتِ الْاَرْضُ مِنِّیْ لِلّٰهِ

خون اور کھال نے اور ان اعضاء نے جنہیں زمین نے مجھ سے بلند کیا ہے

رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَللّٰهُمَّ عُدْ عَلٰی جَهْلِیْ بِحِلْمِكَ

یہ سجدہ خدائے عالمین کے لئے ہے اے خدا درگزر فرما میری جہالت پر بسبب اپنی بردباری کے

وَعَلٰی فَقْرِیْ بِغِنَاكَ وَعَلٰی ذُلِّیْ بِعِزِّكَ وَ

اور میری تنگدستی پر بسبب اپنی تونگری کے اور میری ذلت پر بسبب اپنی عزت کے اور

سُلْطَانِكَ وَعَلٰی ضَعْفِیْ بِقُوَّتِكَ وَعَلٰی خَوْفِیْ

اپنے دبدبہ کے اور میری ضعیفی اور کمزوری پر بسبب اپنی قوت کے اور میرے خوف پر

بِاَمْنِكَ وَعَلٰی ذُنُوْبِیْ وَخَطَایَایَ بِعَفْوِكَ وَ

بسبب اپنے امن کے اور میرے گناہوں اور میری خطاؤں پر بسبب اپنی معافی کے اور اپنی

رَحْمَتِكَ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَدْرَءُ بِكَ

رحمت کے اے مہربان اے بخشش کرنے والے اے خدا میں مصیبت کو دفع کرتا ہوں بسبب

فِیْ نَحْرِ (فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ) وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ		
تیری گردن میں	یہاں دشمن اور اسکے باپ کا نام لے	اور تیری وجہ سے پناہ مانگتا ہوں

فَاکْفِنِیْهِ بِمَا کَفَیْتَ بِهٖ اَنْبِیَآءَکَ مِنْ فَرَاعِنَةِ

اس بدی سے نیس مجھے بھی اس سے باز رکھ اس طریقہ پر کہ جس طرح تو نے بہت فراعنہ

عِبَادِکَ وَطُغَاةِ خَلْقِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ

اپنے نبیوں کو بچایا جو تیرے بندوں میں تھے اور جو سرکش تیری خلقت میں تھے اپنی رحمت کے سبب سے

الرَّاحِمِیْنَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَصَلَّی

زیادہ رحم کرنیوالے بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے اور درود نازل فرما

اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهِ الطَّیِّبِیْنَ

اور بہتر ین خلق محمد اور آل محمد کے اور پاک و پاکیزہ

الطَّاهِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

معصوم پر اور سب تعریف خدا ہی کے لئے ہے جو عالمین کا رب ہے

اسنادِ دعائے کمیل

کتاب اقبال میں سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ ایک روز مسجد بصرہ میں کہ نصف ماہ شعبان تھا۔ جناب امیر المومنین علیہ السلام تشریف رکھتے تھے۔ کمیل ابن زیادؓ نے اپنے مولا سے عرض کی کہ مجھ کو دعائے خضر علیہ السلام تعلیم فرمائیے۔ حضرت نے فرمایا کہ نصف شعبان کو شب بیداری کرے اور اس دعا کو پڑھے بعدہ مطلب اپنا حق تعالیٰ عرض کرے۔ حاجت اس کی بر آوے گی۔ اے کمیل تو اس دعا کو حفظ کر اور ہر شب جمعہ کو پڑھا کر۔ اور ہر جمعہ کو نہ پڑھ سکے تو مہینہ میں ایکبار۔ اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو سال میں ایک بار پڑھے۔ یہ بھی نہ ہو سکے تو اپنی عمر میں ایک بار پڑھے اس دعا کو کہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے اور روزی تیری کشادہ ہو اور کل گناہ صغیرہ و کبیرہ حق تعالےٰ اس دعا کی برکت سے بخش دیگا۔ اور سب حاجتیں دین و دنیا کی بر لائے گا۔ اور دنیا میں عزیز و مکرم رہے اور بہشت بریں میں درجہ رفیع پائے گا۔ اور جو کہ بعد ہر نماز فریضہ کے اس کو پڑھے تو باعث بر آنے حاجات کا ہو گا۔ کیونکہ یہ دعا مجرب ہے۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ

هٰذا دعاءُ الخضرِ المعروفُ بدعاءِ الكميلِ

یہ دعائے خضر معروف بہ دعائے کمیل ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع کرتا ہوں میں نام سے اللہ کے جو بڑا بخشنے والا مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِرَحۡمَتِكَ الَّتِیۡ وَسِعَتۡ كُلَّ

اے اللہ میں تجھ سے تیری اس رحمت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جو ہر چیز سے بڑھی

شَیۡءٍ وَّبِقُوَّتِكَ الَّتِیۡ قَهَرۡتَ بِهَا كُلَّ شَیۡءٍ وَّخَضَعَ

ہوئی ہے جس کی وجہ سے تو ہر چیز پر غالب ہے اور ہر چیز نے اس کے آگے فروتنی کی ہے اور

لَهَا كُلُّ شَیۡءٍ وَّذَلَّ لَهَا كُلُّ شَیۡءٍ وَّبِجَبَرُوۡتِكَ الَّتِیۡ

ہر چیز اس سے پست ہے اور تیری اس جبروت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جس کے

غَلَبۡتَ بِهَا كُلَّ شَیۡءٍ وَّبِعِزَّتِكَ الَّتِیۡ لَا يَقُوۡمُ

سبب سے تو ہر چیز پر غالب آیا اور تیری اس عزت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جس کے

لَهَا شَیۡءٌ وَّبِعَظَمَتِكَ الَّتِیۡ مَلَأَتۡ كُلَّ شَیۡءٍ

سامنے کوئی چیز نہیں ٹھہرتی۔ اور تیری اس عظمت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جس سے ہر چیز

وَبِسُلۡطَانِكَ الَّذِیۡ عَلَا كُلَّ شَیۡءٍ وَّبِوَجۡهِكَ

پر نظر آتی ہے اور تیری اس سلطنت کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جو ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے

الۡبَاقِیۡ بَعۡدَ فَنَاءِ كُلِّ شَیۡءٍ وَّبِاَسۡمَائِكَ الَّتِیۡ

اور تیری اس ذات کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جو ہر شئے کے فنا ہو جانے کے بعد باقی رہیگی اور

مَلَأَتۡ اَرۡكَانَ كُلِّ شَیۡءٍ وَّبِعِلۡمِكَ الَّذِیۡ

مقدس ناموں کا واسطہ دیکر جس سے ہر چیز کے اعلیٰ حصے بھرے ہوئے ہیں اور تیرے اس علم کا واسطہ دیکر

اَحَاطَ بِكُلِّ شَیۡءٍ وَّبِنُوۡرِ وَجۡهِكَ الَّذِیۡ اَضَاءَ لَهُ

سوال کرتا ہوں جو ہر چیز کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اور تیری ذات کے نور کا واسطہ دیکر سوال کرتا ہوں جس کی

كُلُّ شَیۡءٍ يَا نُوۡرُ يَا قُدُّوۡسُ يَا اَوَّلَ الۡاَوَّلِيۡنَ

وجہ سے ہر چیز میں چمک دمک ہے۔ اے نور اے سب سے زیادہ پاک و پاکیزہ اے سب پہلوں سے پہلے

یَا آخِرَ الْاٰخِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ

اور اے سب پچھلوں سے پچھلے یا اللہ میرے وہ سب گناہ بخش دے جو ناموس میں بٹہ لگا دیتے ہیں

تَھْتِکُ الْعِصَمَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ

یا اللہ میرے وہ سب گناہ بخش دے جو نزول بلا کا باعث ہوتے ہیں یا اللہ میرے وہ سب گناہ

تُغَیِّرُ النِّعَمَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَحْبِسُ

بخش دے جو نعمتوں کو بدل دیتے ہیں یا اللہ میرے وہ سب گناہ بخش دے جو دعاؤں کو درجہ مقبولیت تک

الدُّعَآءَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَقْطَعُ

پہنچنے سے روک دیتے ہیں یا اللہ میرے وہ سب گناہ بخش دے جو امید کو پورا نہیں ہونے دیتے یا

الرَّجَآءَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُنْزِلُ

اللہ میرے ان سب گناہوں کو بخش دے جن سے بلا نازل ہوتی ہے

الْبَلَآءَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ کُلَّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ

یا اللہ میرے ان سب گناہوں کو بخش دے جو میں نے کئے ہوں

وَکُلَّ خَطِیْٓئَۃٍ اَخْطَاْتُھَا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَقَرَّبُ

اور ہر اس گناہ کو بخش دے جو مجھ سے ہو گیا ہو یا اللہ میں تیری یاد کے ذریعہ سے تیری

اِلَیْکَ بِذِکْرِکَ وَاَسْتَشْفِعُ بِکَ اِلٰی نَفْسِکَ وَ

حضوری میں تقرب چاہتا ہوں اور تیری حضور میں تیری ہی ذات کو اپنا سفارشی ٹھہراتا ہوں اور تیری

اَسْئَلُکَ بِجُوْدِکَ وَکَرَمِکَ اَنْ تُدْنِیَنِیْ مِنْ

جود و بخشش کو اور کرم کو ذریعہ گردان کو تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے لئے اپنا قرب

قُرْبِکَ وَاَنْ تُوْزِعَنِیْ شُکْرَکَ وَاَنْ تُلْھِمَنِیْ

زیادہ کر اور مجھے اپنی نعمتوں کا شکریہ بجالانے کی توفیق عطا فرما اور اپنی یاد میرے دل میں

ذِکْرَکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ سُؤَالَ خَاضِعٍ

ڈال یا اللہ میں تجھ سے گڑگڑاتا ہوا عاجزی کرنے والے خضوع و خشوع کرنے والے

مُتَذَلِّلٍ خَاشِعٍ مُتَضَرِّعٍ اَنْ تُسَامِحَنِیْ وَ

رونے پیٹنے والے کا سا سوال کرتا ہوں کہ تو میری خطاؤں سے چشم پوشی فرمائے

تَرْحَمَنِي وَتَجْعَلَنِي بِقِسْمِكَ رَاضِيًا قَانِعًا

اور مجھ پر رحم فرمائے اور جو کچھ تو نے میرا حصہ لگایا ہے اس پر میں راضی ہوں اور قناعت کروں

وَفِي جَمِيعِ الْاَحْوَالِ مُتَوَاضِعًا اَللّٰهُمَّ وَاَسْأَلُكَ

اور ہر حالت میں (تیرے سب بندوں سے) بنکر انکسار پیش آؤں یا اللہ میں تیری حضور میں اس

سُؤَالَ مَنِ اشْتَدَّتْ فَاقَتُهُ وَاَنْزَلَ بِكَ عِنْدَ

شخص کا سوال کرتا ہوں جس پر فاقہ کے کڑاکے گزرتے ہوں اور تیری حضور میں سختیوں کی

الشَّدَائِدِ حَاجَتَهُ وَعَظُمَ فِيمَا عِنْدَكَ رَغْبَتُهُ

حالت میں اپنی حاجت اس نے پیش کی ہو۔ اور جو کچھ تیرے خزانے میں ہو اس کے بارے میں

اَللّٰهُمَّ عَظُمَ سُلْطَانُكَ وَعَلَا مَكَانُكَ وَخَفِيَ

اس کی خواہش بڑھی ہوئی ہو یا اللہ تیری دلیل بڑی قوی ہے اور تیرا رتبہ بہت بلند ہے اور تیرا بدلہ لینا مجھ سے

مَكْرُكَ وَظَهَرَ اَمْرُكَ وَغَلَبَ قَهْرُكَ وَجَرَتْ قُدْرَتُكَ

ظاہر ہے اور تیرا حکم ظاہر ہے اور تیرا قہر غالب ہے اور تیری قدرت سب کی مشین؛

وَلَا يُمْكِنُ الْفِرَارُ مِنْ حُكُومَتِكَ اَللّٰهُمَّ لَا اَجِدُ

چل رہی ہے اور تیری حکومت سے بھاگ کر نکل جانا ناممکن ہے یا اللہ میں تو اپنے گناہوں

لِذُنُوبِي غَافِرًا وَلَا لِقَبَائِحِي سَاتِرًا وَلَا لِشَيْءٍ

کے لئے بخشنے والا اور برائیوں کے لئے پردہ پوشی کرنے والا اور کوئی بھی میری بداعمالی ہو اسکو

مِنْ عَمَلِيَ الْقَبِيحِ بِالْحَسَنِ مُبَدِّلًا غَيْرَكَ لَا اِلٰهَ

نیکی سے بدل دینے والا تیرے سوا کسی کو نہیں پاتا سوائے تیرے کوئی معبود نہیں

اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَ

ہے تو منزہ ہے اور میں تیری تعریف کرتا ہوں میں نے اپنی ذات پر ظلم کیا اور

تَجَرَّأْتُ بِجَهْلِي وَسَكَنْتُ اِلٰى قَدِيمِ ذِكْرِكَ

اپنی جہالت سے جری ہو گیا اور چونکہ تو ہمیشہ سے مجھ پر احسان کرتا رہا ہے اور تیری یاد

لِي وَمَنِّكَ عَلَيَّ اَللّٰهُمَّ مَوْلَايَ كَمْ مِنْ قَبِيحٍ

میرے دل میں بیٹھی ہوئی ہے اس سے اطمینان کر لیا یا اللہ میرے مالک کتنی ہی میری برائیاں

سَتَرْتَهُ وَكَمْ مِنْ فَادِحٍ مِنَ الْبَلَاءِ اَقَلْتَهُ

پردہ ڈال دیا ہے اور کتنی سخت سے سخت بلاؤں کو تو نے ٹال دیا ہے اور کتنی خطاؤں سے

وَكَمْ مِنْ عِثَارٍ وَقَيْتَهُ وَكَمْ مِنْ مَكْرُوهٍ دَفَعْتَهُ

تو نے بچا لیا ہے اور کتنی اذیتوں کو تو نے دفع فرما دیا ہے اور کتنی

وَكَمْ مِنْ ثَنَاءٍ جَمِيلٍ لَسْتُ اَهْلًا لَهُ نَشَرْتَهُ

تیری خوبیاں جن کا میں مستحق نہ تھا تو نے لوگوں میں مشہور کر دی ہیں۔ یا اللہ

اَللّٰهُمَّ عَظُمَ بَلَائِیْ وَ اَفْرَطَ بِیْ سُوْءُ حَالِیْ وَ

میری آزمائش اسوقت بڑھ گئی ہے اور میری بدحالی حد سے زیادہ گزر گئی ہے

قَصُرَتْ بِیْ اَعْمَالِیْ وَقَعَدَتْ بِیْ اَغْلَالِیْ وَ

اور میرے نیک اعمال کم ہیں اور سخت تکلیفوں نے مجھے بٹھا دیا ہے اور میری

حَبَسَنِیْ عَنْ نَفْعِیْ بُعْدُ اٰمَالِیْ وَخَدَعَتْنِیْ

امیدوں کی درازی نے مجھے نفع سے باز رکھا اور دنیا نے مجھ کو اپنی فریب دہی

الدُّنْیَا بِغُرُوْرِهَا وَنَفْسِیْ بِخِیَانَتِهَا وَمِطَالِیْ

سے دھوکے میں رکھا اور میرے نفس نے اپنی خیانت اور ٹال مٹول سے (مجھے

یَا سَیِّدِیْ فَاَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ اَنْ لَا یَحْجُبَ

دھوکا دیا) اے آقا پس سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری عزت کا واسطہ دے کر کہ میری بدعملی

عَنْكَ دُعَائِیْ سُوْءُ عَمَلِیْ وَفِعَالِیْ وَلَا تَفْضَحْنِیْ

اور بدفعلی میری دعا کو تیرے حضور میں پہنچنے سے نہ روکے اور میرے جن پوشیدہ

بِخَفِیِّ مَا اطَّلَعْتَ عَلَیْهِ مِنْ سِرِّیْ وَلَا تُعَاجِلْنِیْ

رازوں سے تو مطلع ہو گیا ہے (ان کو ظاہر کر کے) مجھے فضیحت نہ کیجیو اور میں اپنی

بِالْعُقُوْبَةِ عَلٰی مَا عَمِلْتُهُ فِیْ خَلَوَاتِیْ مِنْ سُوْءِ

غفلت خواہشوں کی کثرت اپنی جسارت اور نیکی کی طرف ہمیشہ کی کم رغبتی کے سبب

فِعْلِیْ وَاِسَاءَتِیْ وَدَوَامِ تَفْرِیْطِیْ وَجَهَالَتِیْ

جو جو برائیاں چھپ چھپ کر کر چکا ہوں ان کی مجھے سزا دینے میں جلدی نہ فرمائیو

وَكَثْرَةِ شَهَوَاتِي وَغَفْلَتِي وَكُنِ اللّٰهُمَّ بِعِزَّتِكَ

اور لیے اللہ تیری عزت کا

لِي فِي الْأَحْوَالِ كُلِّهَا رَؤُوفًا وَعَلَيَّ فِي جَمِيعِ

واسطہ مجھ پر ہر حال میں مہربان ہی رہیو اور میرے تمام معاملات میں

الْأُمُورِ عَطُوفًا إِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَرَبِّي مَنْ لِي

شان مہربانی دکھلائیو اے میرے معبود اور میرے پروردگار میرا تیرے

غَيْرُكَ أَسْأَلُهُ كَشْفَ ضُرِّي وَالنَّظَرَ فِي أَمْرِي

سوا اور ہے کون جس سے میں اپنی مصیبت کے دور کرنے کا اور اپنے معاملہ

إِلٰهِي وَمَوْلَايَ أَجْرَيْتَ عَلَيَّ حُكْمًا اتَّبَعْتُ

میں غور کرنے کا سوال کروں اے میرے معبود اے میرے مالک تو نے میرے لئے ایک حکم جاری کیا

فِيهِ هَوَى نَفْسِي وَلَمْ أَحْتَرِسْ فِيهِ مِنْ تَزْيِينِ

جس میں میں نے اپنی خواہش نفسانی کی پیروی کی اور اس کی کوئی نگہداشت نہ کی

عَدُوِّي فَغَرَّنِي بِمَا أَهْوَى وَأَسْعَدَهُ عَلَى ذٰلِكَ

میرے دشمن نے اس خواہش نفسانی کو میری نظر میں زینت دیدی تھی اسی طرح جو

الْقَضَاءُ فَتَجَاوَزْتُ بِمَا جَرَى عَلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ

خواہش میرے دل میں پیدا ہوئی تھی اس کے ذریعہ سے میرے دشمن نے مجھے دھوکا دیا

بَعْضَ حُدُودِكَ وَخَالَفْتُ بَعْضَ أَوَامِرِكَ

اور قضاء و قدر نے اس معاملہ میں اس کی مساعدت کی اس طرح تیری مقرر کی ہوئی حدود سے اور تیرے

فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَيَّ فِي جَمِيعِ ذٰلِكَ وَلَا حُجَّةَ لِي

جاری کئے ہوئے حکم سے کچھ تجاوز کر گیا اور تیرے بعض احکام کی مجھ سے مخالفت ہو گئی بہر حال اس تمام معاملہ

فِيمَا جَرَى عَلَيَّ فِيهِ قَضَاؤُكَ وَأَلْزَمَنِي

میں میرے ذمہ تیری حمد بجا لانا واجب ہے اور جس امر میں تیرا فیصلہ میرے خلاف جاری ہوا اور تیرا حکم اور تیری آزمائش

حُكْمُكَ وَبَلَاؤُكَ وَقَدْ أَتَيْتُكَ يَا إِلٰهِي

میرے لئے لازم ہوئی اس میں میری کوئی حجت نہیں ہے اور میرے معبود بعد اپنی

بَعْدَ تَقْصِیْرِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ مُعْتَذِرًا

کوتاہی اور اپنے نفس پر زیادتی کرنے کے عذر کرتا ہوں اور ندامت

نَادِمًا مُنْکَسِرًا مُسْتَقِیْلًا مُسْتَغْفِرًا مُنِیْبًا

کے ساتھ انکسار کی حالت میں طلب مغفرت کرتا اور گڑگڑاتا اقرار کرتا ہوا

مُقِرًّا مُذْعِنًا مُعْتَرِفًا لَا اَجِدُ مَفَرًّا مِمَّا

کرتا ہوں کے دور ہونے کے یقین کے ساتھ تیری حضوری میں حاضر ہوا ہوں اس لئے کہ جو

کَانَ مِنِّیْ وَلَا مَفْزَعًا اَتَوَجَّهُ اِلَیْهِ فِیْ اَمْرِیْ

کچھ مجھ سے ہو گیا ہے اس سے نہ کہیں بھاگنے کا ٹھکانا پاتا ہوں نہ رو کرنے کی جگہ کہ

غَیْرَ قَبُوْلِكَ عُذْرِیْ وَاِدْخَالِكَ اِیَّایَ فِیْ

جہاں اپنا معاملہ پیش کروں سوائے اس کے تو میرا عذر قبول کرنے اور اپنی وسعت رحمت میں

سَعَةٍ مِّنْ رَّحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ فَاقْبَلْ عُذْرِیْ

مجھے داخل کر لے اور میرا کوئی ٹھکانا نہیں ہے یا اللہ سو اب میرا عذر قبول کر لے اور میری

وَارْحَمْ شِدَّةَ ضُرِّیْ وَفُكَّنِیْ مِنْ شَدِّ وَثَاقِیْ یَا

تکلیف کی سختی پر رحم کر اور میری جکڑ بندیوں کو دور کر اور میرے پروردگار میرے جسم کی

رَبِّ ارْحَمْ ضَعْفَ بَدَنِیْ وَرِقَّةَ جِلْدِیْ وَدِقَّةَ

ناتوانی اور میری جلد کی کمزوری اور میری ہڈیوں کے دبلاپے

عَظْمِیْ یَا مَنْ بَدَاَ خَلْقِیْ وَذِکْرِیْ وَتَرْبِیَتِیْ وَ

پر رحم کر اور وہ جس نے میری پیدائش بھی شروع کی میرا نام بھی نکالا میری پرورش کا سامان

بِرِّیْ وَتَغْذِیَتِیْ هَبْنِیْ لِابْتِدَاءِ کَرَمِكَ وَسَالِفِ

بھی کیا میرے حق میں ہر طرح کی نیکی بھی کی اور مجھے غذا دینے کے سامان بہم پہنچائے جیسے تو نے کرم کی

بِرِّكَ بِیْ یَا اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ وَرَبِّیْ اَتُرَاكَ

ابتدا کی تھی اور پہلے سے میرے حق میں نیکی کرتا آیا ہے ویسے ہی برقرار رکھ اے میرے سردار اے میرے پروردگار

مُعَذِّبِیْ بِنَارِكَ بَعْدَ تَوْحِیْدِكَ وَبَعْدَ

بعد اس کے کہ میں تیری توحید کا مقر ہوں اور بعد اس کے کہ میرا دل تیری محبت سے سرشار ہو چکا اور میری

مَا انْطَوٰى عَلَيْهِ قَلْبِىْ مِنْ مَعْرِفَتِكَ وَلَهِجَ بِهٖ

زبان تیری یاد میں رطب اللسان ہے اور میرا دل تیری محبت کی گرہ باندھے ہے اور بعد اس کے

لِسَانِىْ مِنْ ذِكْرِكَ وَاعْتَقَدَهٗ ضَمِيْرِىْ مِنْ

ہیں تجھے پروردگار مان کر سچے دل سے اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں اور گڑگڑا کر تجھ سے دعا

حُبِّكَ وَبَعْدَ صِدْقِ اعْتِرَافِىْ وَدُعَائِىْ خَاضِعًا

مانگتا ہوں کیا تو اسکو پسند فرمائیگا کہ مجھے اپنے جہنم میں عذاب پاتا ہوا دیکھے ایسا تو نہیں

لِرُبُوْبِيَّتِكَ هَيْهَاتَ اَنْتَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ تُضَيِّعَ

ہوسکتا تیرا اکرم اس سے کہیں زیادہ ہے کہ تو اسکو ضائع کر دے کہ جس کو تونے (خود)

مَنْ رَبَّيْتَهٗ اَوْ تُبْعِدَ مَنْ اَدْنَيْتَهٗ اَوْ تُشَرِّدَ

پرورش فرمایا ہو یا اس کو دور کر دے جس کو (خود) قرب عطا فرمایا ہو یا اسکو نکال دے جس کو

مَنْ اٰوَيْتَهٗ اَوْ تُسْلِمَ اِلَى الْبَلَاۤءِ مَنْ كَفَيْتَهٗ وَ

تونے (خود) پناہ دی ہو یا اسے بلا کے حوالہ کر دے جس کیلئے تونے (خود) کفایت فرمائی ہو

رَحِمْتَهٗ وَلَيْتَ شِعْرِىْ يَا سَيِّدِىْ وَاِلٰهِىْ وَمَوْلَاىَ

اور جس پر تونے (خود) رحم فرمایا ہو کاش میرے سردار میرے معبود اور میرے مولا یہ بات میری

اَتُسَلِّطُ النَّارَ عَلٰى وُجُوْهٍ خَرَّتْ لِعَظَمَتِكَ

سمجھ میں تو آتی نہیں کہ تو آتش جہنم کو ان چہروں پر مسلط فرمائیگا جو تیری عظمت کیلئے

سَاجِدَةً وَّعَلٰى اَلْسُنٍ نَطَقَتْ بِتَوْحِيْدِكَ

تیری حضوری میں سجدہ کر چکے ہوں اور ان زبانوں پر مسلط فرمائیگا جو سچائی کے ساتھ تیری

صَادِقَةً وَّبِشُكْرِكَ مَادِحَةً وَّعَلٰى قُلُوْبٍ

توحید کے بارے میں گویا ہو چکی ہوں اور تیرے شکر میں تیری مدح کر چکی ہوں اور ان دلوں پر (مسلط

اعْتَرَفَتْ بِاِلٰهِيَّتِكَ مُحَقِّقَةً وَّعَلٰى ضَمَائِرَ

فرمائیگا جو اظہار حقیقت کے طور پر تیرے معبود ہونیکا اعتراف کر چکے ہوں اور ان خیالات پر (مسلط

حَوَتْ مِنَ الْعِلْمِ بِكَ حَتّٰى صَارَتْ خَاشِعَةً وَ

فرمائیگا جنھیں تیرا علم اسقدر میسر ہوا ہو کہ وہ تیری ہی حضور میں پست ہوئے ہوں اور ان

عَلٰی جَوَارِحَ سَعَتْ اِلٰی اَوْطَانِ تَعَبُّدِكَ طَائِعَةً وَّاَشَا
ہاتھوں پاؤں پر مسلط کرے گا جن کی باگ ڈور اسی حد تک محدود رہی ہو کہ برضا و رغبت تیرے بند
بِاسْتِغْفَارِكَ مُذْعِنَةً مَا هٰكَذَا الظَّنُّ بِكَ وَلَا اُخْبِرْنَا بِفَضْلِ
ہونے کا اقرار کریں اور یقین کے ساتھ مجھ سے طلب مغفرت کرنے کی کوشش کریں اے
عَنْكَ يَا كَرِيْمُ يَارَبِّ وَاَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفِيْ عَنْ
صاحب کرم نہ تو تیری نسبت ایسا یقین ہے اور نہ تیرے فضل کے متعلق ہمیں ایسی خبر دی گئی ہے اے
قَلِيْلٍ مِّنْ بَلَاءِ الدُّنْيَا وَعُقُوْبَاتِهَا وَمَا يَجْرِيْ
پروردگار حالانکہ تو میری کمزوری کو جانتا ہے کہ دنیا کی ذرا سی آزمائش اور اس کی چھوٹی سی تکلیفیں
فِيْهَا مِنَ الْمَكَارِهِ عَلٰٓی اَهْلِهَا عَلٰٓی اَنَّ ذٰلِكَ
جو مکروہات اہل دنیا پر گذرتی رہتی ہیں (انھیں میں برداشت نہیں کر سکتا) باوجودیکہ وہ آزمائش اور
بَلَاءٌ مَّكْرُوْهٌ قَلِيْلٌ مَّكْثُهٗ يَسِيْرٌ بَقَاؤُهٗ قَصِيْرٌ
تکلیف دیرپا نہیں ہوتی اس کی مدت تھوڑی اور اس کی بقا چند روزہ ہوتی ہے تو بھلا پھر مجھ
مُدَّتُهٗ فَكَيْفَ احْتِمَالِيْ لِبَلَاءِ الْاٰخِرَةِ وَ
آخرت کی بلا اور وہاں کی بڑی بڑی مکروہات کی برداشت کیونکر ہو سکے گی حالانکہ وہاں
جَلِيْلِ وُقُوْعِ الْمَكَارِهِ فِيْهَا وَهُوَ بَلَاءٌ تَطُوْلُ
کی بلا کی مدت طولانی اور قیام اس کا دوامی ہوگا
مُدَّتُهٗ وَيَدُوْمُ مَقَامُهٗ وَلَا يُخَفَّفُ عَنْ اَهْلِهٖ
اور جو اس میں پھنس جائیں گے ان کے عذاب میں کبھی تخفیف نہ کی جائیگی
لِاَنَّهٗ لَا يَكُوْنُ اِلَّا عَنْ غَضَبِكَ وَانْتِقَامِكَ
اس لئے کہ وہ عذاب تیرے غضب تیرے انتقام اور تیرے غصہ کے سبب سے ہوگا
وَسَخَطِكَ وَهٰذَا مَا لَا تَقُوْمُ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَ
اور تیرے غصہ کی نہ آسمان برداشت کر سکتے ہیں اور نہ زمین اے
الْاَرْضُ يَا سَيِّدِيْ فَكَيْفَ بِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ
میرے مولا تو بھلا میری کیا حالت ہوگی حالانکہ میں تیرا

لِضَعِيفٍ الذَّلِيلِ الحَقِيرِ المِسْكِينِ المُسْتَكِينِ

اک کمزور وذلیل حقیر ومسکین وعاجز بندہ ہوں

يَا إِلٰهِي وَرَبِّي وَسَيِّدِي وَمَوْلَايَ لِأَيِّ الأُمُورِ

اے میرے معبود اور اے میرے پروردگار اے میرے والی اور اے میرے مولا کن کن

إِلَيْكَ أَشْكُو وَلِمَا مِنْهَا أَضِجُّ وَأَبْكِي لِأَلِيمِ

حالات کی تیری حضوری میں شکایت کروں گا اور کن کن باتوں کے لیے روؤں اور

الْعَذَابِ وَشِدَّتِهِ أَوْ لِطُولِ الْبَلَاءِ وَمُدَّتِهِ

بلاؤں گا اور دردناک عذاب اور اس کی سختی کے باعث۔ یا طولانی بلا اور اس کی طویل مدت

فَلَئِنْ صَيَّرْتَنِي فِي الْعُقُوبَاتِ مَعَ أَعْدَائِكَ

باعث سو اگر تو نے مجھے عذاب میں اپنے دشمنوں کے ساتھ شامل کر دیا اور جو عذاب

وَجَمَعْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ أَهْلِ بَلَائِكَ وَفَرَّقْتَ

کے مستحق ہیں ان کا میرا اکٹھ جوڑ کر دیا اور اپنے دوستوں اور محبت

بَيْنِي وَبَيْنَ أَحِبَّائِكَ وَأَوْلِيَائِكَ فَهَبْنِي

کرنے والوں میں اور مجھ میں جدائی کر دی تو اے میرے معبود

يَا إِلٰهِي وَسَيِّدِي وَمَوْلَايَ وَرَبِّي صَبَرْتُ عَلَى

اور اے میرے سردار اور میرے مولا اور میرے پروردگار مجھے اختیار

عَذَابِكَ فَكَيْفَ أَصْبِرُ عَلَى فِرَاقِكَ وَهَبْنِي

ہے میں تیرے عذاب پر تو صبر کر لوں گا پر تیری رحمت سے جدائی پر کیونکر صبر کروں گا

صَبَرْتُ عَلَى حَرِّ نَارِكَ فَكَيْفَ أَصْبِرُ عَنِ النَّظَرِ

اور یہ تو خیال فرما کہ میں تیری آگ کی حرارت کی برداشت کر لوں گا تو تیری نظر کرامت کے

إِلَى كَرَامَتِكَ أَمْ كَيْفَ أَسْكُنُ فِي النَّارِ وَرَجَائِي

بدل جانے کی کیونکر برداشت کروں گا یا آتش جہنم میں کیونکر رہ سکوں گا جس حال میں کہ

عَفْوُكَ فَبِعِزَّتِكَ يَا سَيِّدِي وَمَوْلَايَ أُقْسِمُ

مجھے تیری معافی کی امید لگی ہوئی ہے لیکن اے میرے سردار اور اے میرے مولا تیری ہی

صَادِقًا لَئِنْ تَرَكْتَنِيْ نَاطِقًا لَأَضِجَّنَّ اِلَيْكَ

عزت کی قسم کھا کر عرض کرتا ہوں کہ اگر تو نے میرا ناطقہ بند کر دیا تو میں اہل جہنم کے درمیان

بَيْنَ اَهْلِهَا ضَجِيْجَ الْاٰمِلِيْنَ وَلَاَصْرُخَنَّ اِلَيْكَ

سے ضرور اسی طرح سے تیرا نام لیکر چیخوں گا کہ امیدوار چیخا کرتے ہیں اور ضرور

صُرَاخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ وَلَاَبْكِيَنَّ عَلَيْكَ بُكَاءَ

تیرے حضور میں ویسی ہی ہائے وائے کروں گا جیسی کہ فریادی کرتے ہیں اور ضرور تیری

الْفَاقِدِيْنَ وَلَاُنَادِيَنَّكَ اَيْنَ كُنْتَ يَا وَلِيَّ

رحمت کے فراق میں ایسے ہی روؤں گا جیسے کہ ناامید ہو جانے والے رویا کرتے ہیں اور

الْمُؤْمِنِيْنَ يَا غَايَةَ اٰمَالِ الْعَارِفِيْنَ يَا غِيَاثَ

ضرور بار بار تجھے پکاروں گا کہ اے مومنوں کے مالک اے معرفت رکھنے والوں کے امید گاہ

الْمُسْتَغِيْثِيْنَ يَا حَبِيْبَ قُلُوْبِ الصَّادِقِيْنَ

اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس اے سچوں کے دلوں کے لبھانے والے اے تمام عالم کے

وَيَا اِلٰهَ الْعَالَمِيْنَ اَفَتُرَاكَ سُبْحَانَكَ يَا اِلٰهِيْ

معبود تو کہاں ہے اے میرے معبود تیری ذات منزہ ہے اور میں تیری ہی حمد کرتا ہوں

وَبِحَمْدِكَ تَسْمَعُ فِيْهَا صَوْتَ عَبْدٍ مُّسْلِمٍ

کیا یہ بات سمجھ میں بھی آتی ہے کہ تو اسی آگ میں سے ایک فرمانبردار بندہ کی آواز سنے

سُجِنَ فِيْهَا بِمُخَالَفَتِهٖ وَذَاقَ طَعْمَ عَذَابِهَا

جو اپنی مخالفت کی پاداش میں قید کیا گیا ہو اور اپنی نافرمانی کی سزا میں اس کے

بِمَعْصِيَتِهٖ وَحُبِسَ بَيْنَ اَطْبَاقِهَا بِجُرْمِهٖ وَ

عذاب کا مزہ چکھ رہا ہو اور اپنے جرم و خطا کے بدلہ میں اس کے تہ بہ تہ پردوں میں

جَرِيْرَتِهٖ وَهُوَ يَضِجُّ اِلَيْكَ ضَجِيْجَ مُؤَمِّلٍ

بند کیا گیا ہو اور وہ تیری رحمت کی امیدوار کی سی آواز سے تیرے حضور ہی میں

لِرَحْمَتِكَ وَيُنَادِيْكَ بِلِسَانِ اَهْلِ تَوْحِيْدِكَ

چیختا ہو اور تیری توحید کے ماننے والوں کی سی زبان سے تجھے

وَيَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِرُبُوبِيَّتِكَ يَا مَوْلَايَ فَكَيْفَ

پکارتا ہو اور تیرے حضور میں تیرے رب ہونے کا واسطہ دے کر تجھ ہی کو وسیلہ

يَبْقٰى فِي الْعَذَابِ وَهُوَ يَرْجُوْا مَا سَلَفَ مِنْ

قرار دیتا ہو اے میرے مالک پھر وہ عذاب میں کیسے رہ سکے گا جس حالت میں اسے تیرے

حِلْمِكَ وَرَاْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ اَمْ كَيْفَ تُؤْلِمُهُ

گذشتہ ورافت ورحمت کی امید لگی ہوئی ہو یا اسے آتش جہنم تکلیف کیسے پہنچائے گی جس

النَّارُ وَهُوَ يَاْمُلُ فَضْلَكَ وَرَحْمَتَكَ اَمْ كَيْفَ

حالت میں کہ وہ فضل اور تیری رحمت کی آس لگائے ہوئے ہو یا اس کو جہنم کا

يُحْرِقُهُ لَهَبُهَا وَاَنْتَ تَسْمَعُ صَوْتَهُ وَتَرٰى

شعلہ جلائے گا کیونکہ جس حالت میں کہ تو خود اس کی آواز سن رہا ہو اور اس کی

مَكَانَهُ اَمْ كَيْفَ يَشْتَمِلُ عَلَيْهِ زَفِيْرُهَا وَ

جگہ دیکھ رہا ہو یا اسے جہنم کی آواز پریشان کیونکر کرے گی جس حالت میں تو اس کی

اَنْتَ تَعْلَمُ ضَعْفَهُ اَمْ كَيْفَ يَتَقَلْقَلُ بَيْنَ

کمزوری سے واقف ہو یا وہ اس کے طبقوں میں حرکت کیونکر کر سکتا ہے

اَطْبَاقِهَا وَاَنْتَ تَعْلَمُ صِدْقَهُ اَمْ كَيْفَ

جس حالت میں کہ تو اس کی سچائی سے واقف ہو یا اس کے شعلے

تَزْجُرُهُ زَبَانِيَتُهَا وَهُوَ يُنَادِيْكَ يَا رَبَّهُ اَمْ

(اور اس کے فرشتے) اس کو پریشان کیونکر کر سکتے ہیں جس حالت میں کہ وہ برابر تجھ کو

كَيْفَ يَرْجُوْا فَضْلَكَ فِيْ عِتْقِهٖ مِنْهَا فَتَتْرُكُهُ

پکار رہا ہو اے میرے پروردگار (میری خبر لے) یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ وہ تو اس کے

فِيْهَا هَيْهَاتَ مَا ذٰلِكَ الظَّنُّ بِكَ وَلَا الْمَعْرُوْفُ

ہو جانے کی نسبت تیرے فضل کی امید رکھتا ہو اور تو اسے اسی میں پڑا رہنے دے

مِنْ فَضْلِكَ وَلَا مُشْبِهٌ لِمَا عَامَلْتَ بِهِ الْمُوَحِّدِيْنَ

ایسا ہو ہی نہیں سکتا نہ تیری نسبت گمان ہے اور نہ تیرے فضل ہی سے کسی کو پیش آئی

مِنْ بِرِّكَ وَاِحْسَانِكَ فَبِالْيَقِيْنِ اَقْطَعُ لَوْلَا مَا

اور نہ اپنی نیکی و احسان کے باعث تونے اہل توحید کے ساتھ کبھی اس طرح کا معاملہ کیا پس

حَكَمْتَ بِهِ مِنْ تَعْذِيْبِ جَاحِدِيْكَ وَقَضَيْتَ

میں تو یقین کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ اگر تونے اپنے منکروں کو عذاب دینے کا حکم نہ لگا دیا ہوتا

بِهِ مِنْ اِخْلَادِ مُعَانِدِيْكَ لَجَعَلْتَ النَّارَ كُلَّهَا

اور اپنے مخالف کو آتش جہنم میں دوامی سزا دینے کا فیصلہ نہ فرما دیا ہوتا تو آتش جہنم کو بالکل

بَرْدًا وَّسَلَامًا وَّمَا كَانَتْ لِاَحَدٍ فِيْهَا مَقَرًّا وَّ

سرد فرما دیتا اور وہ بھی اس طرح کہ سلامتی ہی سلامتی رہتی اور کسی ایک کا بھی اس میں

لَا مُقَامًا لٰكِنَّكَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ اَقْسَمْتَ

مقام اور جائے قیام مقرر نہ فرماتا لیکن خود تونے کہ تیرے ناموں کی تقدیق ہو قسم کھالی ہے

اَنْ تَمْلَاَهَا مِنَ الْكَافِرِيْنَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

کہ جہنم کو کل (نافرمان) جنوں اور آدمیوں سے پاٹ دیگا اور اپنی ذات سے عناد رکھنے

اَجْمَعِيْنَ وَاَنْ تُخَلِّدَ فِيْهَا الْمُعَانِدِيْنَ وَاَنْتَ

والوں کو ہمیشہ کے لئے اس میں ڈال دیگا اور تو کہ تیری تعریف

جَلَّ ثَنَآؤُكَ قُلْتَ مُبْتَدِئًا وَّتَطَوَّلْتَ

جلیل و عظیم ہے اول ہی فرما چکا ہے اور از روے انعام

بِالْاِنْعَامِ مُتَكَرِّمًا اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ

و اکرام احسانات فرما چکا ہے کہ کیا وہ شخص جو مومن (فرمانبردار) ہو اس کے

كَانَ فَاسِقًا لَا يَسْتَوُوْنَ اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ

مانند ہو سکتا ہے جو فاسق (نافرمان ہو) یہ کبھی برابر نہیں ہو سکتے اے میرے معبود

فَاَسْئَلُكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِيْ قَدَّرْتَهَا وَبِالْقَضِيَّةِ

اے میرے سردار تو اب تجھے اس قدرت کا واسطہ دیکر جو تجھ کو حاصل ہے اور اس فیصلہ

الَّتِيْ قَدَّرْتَهَا وَبِالْقَضِيَّةِ الَّتِيْ حَتَمْتَهَا وَ

کا واسطہ دیکر جو تو نے حتمی طور پر فرمایا ہے اور جس (حتمی) پر

وَحَتَمْتَهَا وَغَلَبْتَ مَنْ عَلَيْهِ اَجْرَيْتَهَا اَنْ

تو نے ان کا اجراء فرمایا ان سب پر ان کا نفاذ ہو گیا ہے تجھ ہی سے سوال کرتا ہوں کہ اس

تَهَبَ لِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ

رات میں اور خاص کر اس وقت میں میرا ہر ایک وہ جرم جو مجھ سے ہو گیا ہو

كُلَّ جُرْمٍ اَجْرَمْتُهُ وَكُلَّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهُ وَكُلَّ

بخش دے اور ہر وہ گناہ جو مجھ سے سرزد ہو گیا ہو معاف کر دے اور ہر وہ

قَبِيْحٍ اَسْرَرْتُهُ وَكُلَّ جَهْلٍ عَمِلْتُهُ كَتَمْتُهُ اَوْ

برائی جس کو میں نے چھپا کے کیا ہو اور ہر جہالت جس کو میں عمل میں لایا ہوں جس کو

اَعْلَنْتُهُ اَخْفَيْتُهُ اَوْ اَظْهَرْتُهُ وَكُلَّ سَيِّئَةٍ

میں نے چھپایا ہو یا ظاہر کیا ہو یا پوشیدہ اس کا ارتکاب کیا ہو یا علی الاعلان

اَمَرْتَ بِاِثْبَاتِهَا الْكِرَامَ الْكَاتِبِيْنَ الَّذِيْنَ

اور ہر ایسی بدی جس کے اندراج کا تو نے کراماً کاتبین کو حکم دیا ہو معاف فرما دے جن کو

وَكَّلْتَهُمْ بِحِفْظِ مَا يَكُوْنُ مِنِّيْ وَجَعَلْتَهُمْ شُهُوْدًا

تو نے میرے ہی فعل کی نگرانی سپرد فرما دی ہے اور میرے اعضاء اور جوارح کے ساتھ ساتھ

عَلَيَّ مَعَ جَمِيْعِ جَوَارِحِيْ وَكُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ

ان کو بھی تو نے میرے اعمال و افعال کا گواہ قرار دیا ہے اور ان کے ماورا اے

عَلَيَّ مِنْ وَّرَآئِهِمْ وَالشَّاهِدَ لِمَا خَفِيَ عَنْهُمْ

تو خود میرے اعمال و افعال کا نگراں ہے اور ان چیزوں تک کا گواہ ہے جو ان سب کی نظر سے

وَبِرَحْمَتِكَ اَخْفَيْتَهُ وَبِفَضْلِكَ سَتَرْتَهُ وَاَنْ

بھی مخفی رہتی ہیں حالانکہ اپنی رحمت سے تو ان سب چیزوں کو چھپاتا رہتا ہے اپنے فضل سے ان پر

تُوَفِّرَ حَظِّيْ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ تُنْزِلُهُ اَوْ اِحْسَانٍ

پردہ ڈالتا رہتا ہے اور یہ سوال کرتا ہوں کہ ہر خیر و خوبی میں جو تو نازل فرمائے اور ہر احسان میں

تُفْضِلُهُ اَوْ بِرٍّ تَنْشُرُهُ اَوْ رِزْقٍ تَبْسُطُهُ اَوْ ذَنْبٍ

جو تو اپنے فضل سے فرمائے اور ہر نیکی میں جسے تو پھیلائے اور ہر رزق میں جس میں تو

تَغْفِرُهٗ اَوْ خَطَاءٍ تَسْتُرُهٗ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَآ اِلٰهِيْ

وسعت فرمائیے اور ہر گناہ کی بخشش میں اور ہر خطا کے پوشیدہ فرمانے میں میرا بھی بڑا حصہ لگا دیجئے اے میرے

وَسَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ وَمَالِكَ رِقِّيْ يَا مَنْ بِيَدِهٖ

پروردگار اے میرے پروردگار اے میرے پروردگار اے میرے معبود اے میرے معبود اے میرے معبود اے میرے سردار اے میرے

نَاصِيَتِيْ يَا عَلِيْمًا بِضُرِّيْ وَمَسْكَنَتِيْ يَا خَبِيْرًا بِفَقْرِيْ

مولا اے مولا میری آزادی کے مالک اے وہ جس کے ہاتھ میری تقدیر ہے اے میرے نقصان اور میری مسکینی کی حالت

وَفَاقَتِيْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ اَسْئَلُكَ بِحَقِّكَ وَ

جاننے والے اے میرے فقر و فاقہ میں میری خبر گیری کرنے والے اے میرے پروردگار اے میرے پروردگار اے میرے پروردگار میں تجھ

قُدْسِكَ وَاَعْظَمِ صِفَاتِكَ وَاَسْمَآئِكَ اَنْ تَجْعَلَ

سے تیرے حق کا واسطہ دیکر اور تیری قدوسیت کا واسطہ دیکر تیری بڑی سے بڑی صفت اور بڑے سے بڑے نام کا واسطہ دیکر

اَوْقَاتِيْ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ بِذِكْرِكَ مَعْمُوْرَةً وَّ

سوال کرتا ہوں کہ میرے رات اور دن کے اوقات کو اپنی یاد سے بھرپور کر دے اپنی خدمت میں لگے رہنے کی دھن

بِخِدْمَتِكَ مَوْصُوْلَةً وَّاَعْمَالِيْ عِنْدَكَ مَقْبُوْلَةً

لگا دے اور میرے اعمال کو اپنی حضور میں قبول قرار فرمادے تاکہ میرے کل اعمال اور میرے کل اوراد

حَتّٰى تَكُوْنَ اَعْمَالِيْ وَاَوْرَادِيْ كُلُّهَا وِرْدًا وَّاحِدًا

(وظائف) کی ایک ہی لے ہو جاوے اور مجھے تیری ہی خدمت کرتے رہنے میں دوام حاصل ہو جاوے

وَحَالِيْ فِيْ خِدْمَتِكَ سَرْمَدًا يَا سَيِّدِيْ يَا مَنْ

اے میرے سردار اے وہ جس کا مجھے آسرا ہے

عَلَيْهِ مُعَوَّلِيْ يَا مَنْ اِلَيْهِ شَكَوْتُ اَحْوَالِيْ يَا رَبِّ

اور جس کی حضور میں اپنی ہر حالت کی شکایت پیش کرتا ہوں اے میرے پروردگار اے میرے

يَا رَبِّ يَا رَبِّ قَوِّ عَلٰى خِدْمَتِكَ جَوَارِحِيْ وَاشْدُدْ

پروردگار اے میرے پروردگار میرے ہاتھ پاؤں کو اپنی خدمت کے لئے مضبوط کر دے اور اسی ارادے کے

عَلَى الْعَزِيْمَةِ جَوَانِحِيْ وَهَبْ لِيَ الْجِدَّ فِيْ خَشْيَتِكَ

لئے میرے قلب کو مضبوط کر دے اور مجھے یہ توفیق عطا فرما کہ تجھ سے بہت سا ڈرتا رہوں اور مدام

وَالدَّوامَ فِي الْاِتِّصالِ بِخِدْمَتِكَ حَتّٰى اَسْرَحَ

تیری خدمتیں لگا رہوں تاکہ سبقت کرنے والوں کے میدانوں میں تیری حضوری حاصل کرنے کے

اِلَيْكَ فِي مَيادِينِ السّابِقِينَ اُسْرِعَ اِلَيْكَ فِي

لئے آگے بڑھتا رہوں اور تیری خدمت میں پہنچنے کے لئے جلدی کرنے والوں میں تیز تیز

الْمُبادِرِينَ وَاَشْتاقَ اِلٰى قُرْبِكَ فِي الْمُشْتاقِينَ

چلتا رہوں اور تیرا قرب حاصل کرنے کا اشتیاق رکھنے والوں کا سا شوق مجھے

وَاَدْنُوَ مِنْكَ دُنُوَّ الْمُخْلِصِينَ وَاَخافَكَ

بھی حاصل ہے اور تیری جناب میں اخلاص رکھنے والوں کی سی نزدیکی مجھے بھی حاصل

مَخافَةَ الْمُوقِنِينَ وَاَجْتَمِعَ فِي جِوارِكَ مَعَ

ہو جائے اور تیری ذات والاصفات پر یقین رکھنے والوں کا سا ڈرنا مجھی ڈرتا رہوں اور تیری

الْمُؤْمِنِينَ اَللّٰهُمَّ وَمَنْ اَرادَنِي بِسُوْءٍ فَاَرِدْهُ وَمَنْ

حضوری میں ایمان رکھنے والوں کے ساتھ مجھے بھی مل جانے کا موقع میسر آئے یا اللہ اور جو شخص میرے

كادَنِي فَكِدْهُ وَاجْعَلْنِي مِنْ اَحْسَنِ عَبِيدِكَ

ساتھ کسی طرح کی بدی کرنے کا ارادہ کرے تو تو ویسا ہی ارادہ اس کے حق میں کیجیو اور جو

نَصِيباً عِنْدَكَ وَاَقْرَبِهِمْ مَنْزِلَةً مِنْكَ وَاَخَصِّهِمْ

شخص مجھ سے چال چلے تو تو ویسا ہی بدلہ اس کے حق میں کیجیو اور اپنے ان بندوں سے قرار دیجیو

زُلْفَةً لَدَيْكَ فَاِنَّهُ لَا يُنالُ ذٰلِكَ اِلَّا بِفَضْلِكَ وَجُدْ لِي

جو حصہ پانے میں تیرے نزدیک اچھے ہوں اور تیرا قرب حاصل کرنے میں بڑی سے بڑی منزلت

بِجُودِكَ وَاعْطِفْ عَلَيَّ بِمَجْدِكَ وَاحْفَظْنِي بِرَحْمَتِكَ

رکھتے ہوں اور تیری حضوری میں ان کو خاص خصوصیت حاصل ہو اس لئے کہ یہ رتبہ بغیر تیرے

وَاجْعَلْ لِسانِي بِذِكْرِكَ لَهِجاً وَقَلْبِي بِحُبِّكَ

خاص فضل کے نہیں مل سکتا اور اپنے خاص دین سے مجھے بہرہ ور فرمائیو اور میری زبان کو اپنی

مُتَيَّماً وَمُنَّ عَلَيَّ بِحُسْنِ اِجابَتِكَ وَاَقِلْنِي

یاد میں چلتا رکھیو اور میرے دل کو اپنی محبت میں مستغرق کر دیجیو اور میری دعا خوبی کے ساتھ

عَثْرَتِیْ وَاغْفِرْ لِیْ زَلَّتِیْ فَاِنَّكَ قَضَیْتَ عَلٰی عِبَادِكَ

قبول فرما کر مجھ پر احسان اور میری برائیاں دور کر دیجئے اور میری لغزشیں بخش دیجئے اس لئے کہ تو نے اپنے

بِعِبَادَتِكَ وَاَمَرْتَهُمْ بِدُعَائِكَ وَضَمِنْتَ لَهُمُ الْاِجَابَةَ

بندوں کے بارے میں یہ طے فرما دیا ہے کہ وہ تیری عبادت کیا کریں اور ان کو تو نے یہ حکم دے دیا ہے کہ تجھ ہی

فَاِلَیْكَ یَا رَبِّ نَصَبْتُ وَجْهِیْ وَاِلَیْكَ یَا رَبِّ مَدَدْتُ

سے دعا مانگا کریں اور ان کی خاطر سے قبولیت دعا کی خود تو نے ضمانت فرمائی ہے سو اے پروردگار میں نے

یَدِیْ فَبِعِزَّتِكَ اسْتَجِبْ لِیْ دُعَائِیْ وَبَلِّغْنِیْ مُنَایَ

تیری ہی طرف اپنی لو لگائی اور اے میرے پروردگار میں نے تیرے حضور میں اپنے ہاتھ پھیلا دیئے پس

وَلَا تَقْطَعْ مِنْ فَضْلِكَ رَجَائِیْ وَاكْفِنِیْ شَرَّ الْجِنِّ

اپنی عزت کے صدقہ میں میری یہ دعا قبول فرما لے اور میری منتہائے آرزو تک مجھے پہنچا دے اور اپنے فضل و

وَالْاِنْسِ مِنْ اَعْدَائِیْ یَا سَرِیْعَ الرِّضَا اغْفِرْ

کرم سے مجھے ناامید نہ کر اور جنوں اور آدمیوں میں سے جتنے بھی میرے دشمن ہوں ان سب کے شر سے مجھے بچا لے

لِمَنْ لَّا یَمْلِكُ الدُّعَاءَ فَاِنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا تَشَاءُ

اور سب سے جلدی راضی ہو جانے والے اسے بخش دے جس کا دعا کرنے کے سوا کچھ نہیں چلتا اس لئے کہ جو کچھ

یَا مَنِ اسْمُهٗ دَوَاءٌ وَّذِكْرُهٗ شِفَاءٌ وَّطَاعَتُهٗ

چاہے اسے بے دھڑک کر گزرتا ہے اے وہ کہ جس کا نام (ہر جسمانی مرض کی دوا) اور جس کی یاد (ہر روحانی

غِنًی اِرْحَمْ مَنْ رَّاْسُ مَالِهِ الرَّجَاءُ وَسِلَاحُهُ

مرض کیلئے) شفا اور جس کی اطاعت بے پرواہ کر دینے والی ہے اس شخص پر رحم کر جس کی پونجی امید ہے اور

الْبُكَاءُ یَا سَابِغَ النِّعَمِ یَا دَافِعَ النِّقَمِ یَا

جس کے ہتھیار رونا (اور پیٹنا) اے نعمتوں کے گوارا بنانے والے اے بلاؤں کے دفع کرنے والے اے اندھیروں میں گھبرانے والوں

نُوْرَ الْمُسْتَوْحِشِیْنَ فِی الظُّلَمِ یَا عَالِمًا لَّا یُعَلَّمُ

کو روشنی پہنچانے والے اے اس کا سا علم رکھنے والے جس کو کوئی تعلیم نہیں دی جاتی تو محمد اور آل

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِیْ

محمد پر رحمت بھیج اور میرے حق میں وہ کر

مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ
جو تیری شان کے لئے زیبا ہے اور اللہ اپنے رسول پر اور ان کی اولاد پر جو صاحب
الْاَئِمَّةِ الْمَيَامِيْنَ مِنْ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا
برکت اور امام ہیں ان پر رحمت اور ایسا سلام بھیجے جیسا کہ
كَثِيْرًا كَثِيْرًا
بھیجنے کا حق ہے بہت بہت سلام ۔

دُعائے مشلول

سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ نے کتاب مہج الدعوات میں حضرت امام حسین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرت امام حسینؑ نے فرمایا کہ ایک شب میں اپنے پدر بزرگوار علی ابن ابیطالب علیہ السلام کے ہمراہ طواف خانہ کعبہ میں مصروف تھا اور وہ شب بہت تیرہ و تاریک تھی اور سوائے میرے اور میرے پدر بزرگوار کے اور کوئی اسوقت طواف میں نہ تھا بلکہ اکثر خلائق خواب استراحت میں تھی کہ ناگاہ ہمنے ایک آواز فریاد کی سنی کہ کوئی شخص باواز دردناک دعا میں یہ اشعار پڑھ رہا ہے ؎

يَا مَنْ يُّجِيْبُ دُعَاءَ الْمُضْطَرِّ فِي الظُّلَمِ
اے وہ کہ مستجاب کرتا ہے دعا مضطر کی تاریکی میں
يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلْوٰى مَعَ السَّقَمِ
اے دفع کرنے والے ضرر اور بلاؤں اور بیماریوں کے
قَدْ نَامَ وَفْدُكَ حَوْلَ الْبَيْتِ وَانْتَبَهُوْا
بتحقیق کہ سو گئے لوگ گرد کعبہ کے اور جاگے
وَاَنْتَ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَمْ تَنَمِ
اور تو اے زندہ اور قائم نہیں سوتا
هَبْ لِيْ بِجُوْدِكَ فَضْلَ الْعَفْوِ عَنْ جُرُمِيْ
مجھ کو اپنی رحمت اور احسان کے فضل سے بخش دے
يَا مَنْ اَشَارَ اِلَيْهِ الْخَلْقُ فِي الْحَرَمِ
اے وہ کہ خلقت حرم میں اسکی طرف اشارہ کرتی ہے
اِنْ كَانَ عَفْوُكَ لَمْ يَرْجُوْهُ ذُوْ سَرَفٍ
اگر عفو تیرا ایسا نہو کہ امیدر کھیں صاحب اسراف
فَمَنْ يَّجُوْدُ عَلَى الْعَاصِيْنَ بِالنِّعَمِ
پس کون مہربانی کرے گنا ہگاروں پر ساتھ نعمت کے

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے جناب امام حسین علیہ السلام کو اسکے پاس بھیجا۔ پس حضرت امام حسین علیہ السلام بموجب ارشاد اپنے ہمراہ خدمت میں جناب امیر المومنین علیہ السلام کی لائے حضرت نے نام دریافت فرمایا اسنے عرض کیا نام میرا منازل ابن لاحق ہے اور میں پہلے اپنی شامت نفس سے گناہ بہت زیادہ کیا کرتا تھا۔ اور میرا باپ کمال مہربانی سے مجھ کو وعظ و نصیحت کرتا اور عذاب خدا سے ڈرایا کرتا تھا میں اُس کی نصیحت کو نہیں مانتا تھا بلکہ اس کو مارا کرتا تھا۔ ایک روز اس نے

کچھ روپیہ گھر میں مجھ سے چھپا کے رکھے تھے۔ میں اس روپیہ کو واہیات خرچ کرنے لے چلا۔ اُس نے مجھ کو روکا اور چاہا کہ روپیہ مجھ سے لے لیوے میں نے اس کا ہاتھ مروڑ کر روپیہ اس سے چھین لیا۔ بس وہ خانہ کعبہ میں آیا اور طواف خانہ کعبہ کیا اور اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کر کے میری شکایت خدا سے کی اور دُعا کی کہ میرا ایک طرف کا بدن شل ہو جائے اور رہ جائے قسم ہے خدا کی کہ ہنوز اسکی دُعائے بد میرے حق میں تمام نہ ہوئی تھی کہ میرا بدن شل ہو گیا اور رہ گیا جس طرح آپ ملاحظہ فرماتے ہیں بعد اسکے میرا باپ اپنے وطن چلا گیا جب میرا یہ حال ہوا تو میں نے اپنے باپ سے کمال عذر خواہی کی اور اس سے استدعا کی کہ جس مقام میں تم نے میرے واسطے بددُعا کی ہے اسی مقام پر دُعائے خیر کرو کہ یہ بلا مجھ سے رفع ہو میری استدعا کو میرے باپ نے محبّت پدری سے قبول کیا لیکن میں اپنے باپ کو دُعائے خیر کے لئے اُونٹ پر بامید شفا لا رہا تھا کہ ناگاہ راہ میں ایک مُرغ نے پرواز کی اور اونٹ بھڑکا میرا باپ اونٹ پر سے گر کر انتقال کر گیا۔ اب لوگ طعن و تشنیع کرتے ہیں اور کہتے ہیں الماخوذ بعقوق ابیہ باپ کے عقوق کرنے سے بلائے ناگہانی میں گرفتار ہے۔ لوگوں کا یہ کہنا مجھ پر شاق ہے پس جناب امیر علیہ السلام نے اس دُعا کو اسکے لئے لکھا اور ارشاد فرمایا کہ اسی شب اس دُعا کو باوضو پڑھ جب صبح کو میرے پاس آئیگا تو یہ بلا تجھ سے دفع ہو گی اور اللہ تیری توبہ قبول کریگا جب صبح ہوئی تو وہ شخص حضرت کی خدمت میں اس طرح حاضر ہوا کہ بالکل تندرست ہاتھ میں حضرت کی لکھی ہوئی دُعا اور کہتا جاتا تھا کہ یا حضرت بخدا یہ دُعا اسم اعظم ہے۔ اسواسطے کہ شب گذشتہ جب لوگ سو گئے اور مسجد الحرام میں لوگوں کی آمد و رفت کم ہوئی تو میں نے اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف اُٹھا کر کئی مرتبہ اس دُعا کو پڑھا اور بعد پڑھنے کے سو گیا پس خواب میں جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ وہ جناب اپنے دست مبارک سے میرے بدن کو ملتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں محافظت کر اس اسم اعظم خدا کی۔ پس ناگاہ بیدار ہوا تو دیکھا میں نے کہ سب بلائیں اور عارضے دفع ہو گئے۔ "خدا تم کو جزائے خیر دے یا امیر المومنین" اسی وجہ سے اس دُعا کو دعائے مشلول کہتے ہیں ❖

امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ اس دعا میں اسم اعظم ہے اور پڑھنا اس دُعا کا باعث اجابت دُعا اور برطرف ہونے غم والم دکوفت کا ہے اور اس دُعا کے پڑھنے والے کا قرض ادا ہو جائے اور فقر مبدل بغنا ہوئے اور گناہ اسکے بخشدیئے جائیں اور عیب اسکے پوشیدہ ہوں اور باعث ایمنی کا ہے شر شیطان اور سُلطان سے اور اگر پڑھے مطیع خدا اس دُعا کو پہاڑ پر تو پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائے اور اگر مُردے پر پڑھے تو خدا اس کی برکت سے اسکو زندہ کر دے اور اگر پانی پر پڑھے تو پانی جم جائے حضرت امام حسین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس دُعا کے فائدے سُن کر مجھے اس قدر خوشی حاصل ہوئی کہ اس بیمار کے اچھے ہونے کی بھی اتنی خوشی نہ ہوئی تھی اس لئے کہ اس سے پہلے میں نے اپنے پدر بزرگوار حضرت علی ابن ابیطالب سے اس دُعا کو نہ سُنا تھا اور حضرت نے فرمایا کہ اس دُعا کو با طہارت پڑھا کرے بدوں طہارت نہ پڑھنا چاہیئے ❖

دُعَائے مَشْلُول

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بڑا رحمان و رحیم ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

اے پروردگار میں تیرے ہی نام پر تجھ سے بھیک مانگتا ہوں اس خدا کے نام سے ابتدا

الرَّحِيْمِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

کرتا ہوں جو آخرت میں ترس کھانے والا اور دنیا میں رحیم ہے اے جلال و بزرگی والے اے ہمیشہ زندہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا هُوَ يَا مَنْ لَّا يَعْلَمُ مَا هُوَ وَلَا

رہنے والے اور اے قائم اور نظام کائنات کو قائم رکھنے والے تیرے سوا کوئی دوسرا خدا نہیں ہے اے وہ اللہ

كَيْفَ هُوَ وَلَا اَيْنَ هُوَ وَلَا حَيْثُ هُوَ اِلَّا هُوَ يَا

وہ خدا اے وہ ذات کہ کوئی (اور) نہیں جانتا کہ وہ کیا ہے کیونکر ہے اور کہاں ہے اور کس طرح ہے بس وہ خود ہی عالم

ذَا الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ يَا ذَا الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ

ہے اے ملک و سلطنت والے اے عالم بالا کے حاکم اے عزت والے اے اقتدار والے اے

يَا مَلِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا سَلَامُ يَا مُؤْمِنُ يَا مُهَيْمِنُ

مالک اے پاک و پاکیزہ اے (مجسم) سلامتی اے امن دینے والے اے پاسبان اے عزت

يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا خَالِقُ يَا بَارِئُ يَا

و رتبہ والے اے زبردست اے بزرگی والے اے پیدا کرنے والے اے موجود کرنے والے اے

مُصَوِّرُ يَا مُفِيْدُ يَا مُدَبِّرُ يَا شَدِيْدُ يَا مُبْدِئُ يَا

صورت گری کرنے والے فائدہ پہنچانے والے اے تدبیر کرنے والے اے ابتدا کرنے والے

مُعِيْدُ يَا مُبِيْدُ يَا وَدُوْدُ يَا مَحْمُوْدُ يَا مَعْبُوْدُ يَا

اے پلٹانے والے اے ہلاک کرنے والے اے محبت کرنے والے اے حمد کے مرکز اے معبود اے

بَعِيْدُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا رَقِيْبُ يَا حَسِيْبُ يَا

ظاہراً دور رہنے والے (بلحاظ سے) قریب رہنے والے اے دعاؤں کے قبول کرنے والے اے نگہبانی کرنے والے اے کافی

بَدِيْعُ يَا رَفِيْعُ يَا مَنِيْعُ يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ

اے ایجاد کرنے والے اے بلند و برتر اے حملوں سے محفوظ اے سننے والے اے جاننے والے اے حکمت والے

يَا كَرِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا قَدِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا

اے کرم والے اے حلم والے اے ہمیشہ رہنے والے اے برتر و بالا اے عظمت والے اے

حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا مُسْتَعَانُ يَا جَلِيْلُ

ترس کھانے والے اے احسان کرنے والے اے جزا دینے والے اے مدد کے لئے پکارے جانے والے اے جلالت والے

يَا جَمِيْلُ يَا وَكِيْلُ يَا كَفِيْلُ يَا مُقِيْلُ يَا مُنِيْلُ

اے جمال والے اے کارساز اے مدد کرنے والے اے سنبھالنے والے اے عطا کرنے والے

يَا دَلِيْلُ يَا نَبِيْلُ يَا هَادِيْ يَا بَادِيْ يَا اَوَّلُ

اے فضل والے اے رہنما اے راہ بر اے خالق اے سب سے پہلے

يَا اٰخِرُ يَا ظَاهِرُ يَا بَاطِنُ يَا قَائِمُ يَا دَائِمُ يَا عَالِمُ

اے سب کے بعد رہنے والے اے ظاہر اے مخفی اے قائم اے ہمیشہ رہنے والے اے جاننے والے

يَا حَاكِمُ يَا قَاضِيْ يَا عَادِلُ يَا فَاصِلُ يَا وَاصِلُ

اے حکم کرنے والے اے فیصلہ کرنے والے اے انصاف کرنے والے اے جدا کرنے والے اے ملانے والے

يَا طَاهِرُ يَا مُطَهِّرُ يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ يَا كَبِيْرُ يَا

اے پاک کرنے والے اے صاحب قدرت اے صاحب اختیار اے بزرگ اے

مُتَكَبِّرُ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا مَنْ لَمْ يَلِدْ وَ

بزرگی والے اے تنہا اے یکتا اے سردار اے نافذ الارادہ اے وہ جو کسی کا باپ نہیں

لَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ لَمْ يَكُنْ لَهٗ

اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے اور نہ کوئی اس کی زوجہ ہے اور

صَاحِبَةٌ وَّلَا وَلَدٌ وَّلَا كَانَ مَعَهٗ وَزِيْرٌ وَّلَا اتَّخَذَ

نہ بیٹا اور نہ کوئی اس کا وزیر اور نہ اس نے اپنا

مَعَهُ مُشِيْرًا وَّلَا احْتَاجَ إِلٰى ظَهِيْرٍ وَّلَا كَانَ مَعَهُ
کسی کو مشیر بنایا اور نہ وہ محتاج ہے اسکے علاوہ کوئی دوسرا خدا تیرے سوا کوئی

مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ فَتَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ
دوسرا خدا نہیں تیری ذات (ان اقوال سے) جو ظالمین کہتے ہیں

الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا يَا عَلِيُّ يَا شَامِخُ يَا
کہیں بلند و برتر ہے اے بلند اے برتر اے بہت وسیع

بَاذِخُ يَا فَتَّاحُ يَا نَفَّاحُ يَا مُرْتَاحُ يَا مُفَرِّجُ يَا
والے اے کھولنے والے اے ہواؤں کے چلانے والے اے راحتوں کے دینے والے اے غموں کے

نَاصِرُ يَا مُنْتَصِرُ يَا مُدْرِكُ يَا مُهْلِكُ يَا مُنْتَقِمُ
دور کرنے والے اے مدد کرنیوالے اے مدد لینے والے (مظلوم کے لئے) اے پالینے والے اے ہلاک کرنیوالے

يَا بَاعِثُ يَا وَارِثُ يَا اَوَّلُ يَا اٰخِرُ يَا طَالِبُ
اے انتقام لینے والے اے مُردوں کو اٹھانیوالے اے وارث اے سب سے پہلے اے سب کے بعد رہنے والے اے طالب

يَا غَالِبُ يَا مَنْ لَا يَفُوْتُهُ هَارِبٌ يَا تَوَّابُ يَا
کرنیوالے اے سب پر غالب۔ اے وہ ذات جس کی گرفت سے بھاگنے والے بھاگ نہیں سکتا اے بار بار رجوع کرنے والے

اَوَّابُ يَا وَهَّابُ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَا مُفَتِّحَ
اے توبہ قبول کرنیوالے اے بہت عطا کرنیوالے اے ذریعوں کے مہیا کرنیوالے اے بند دروازوں کے

الْاَبْوَابِ يَا مَنْ حَيْثُ مَا دُعِيَ اَجَابَ يَا طَهُوْرُ
کھولنے والے اے وہ کہ جس طرح پکارا جائے دعا کو قبول کرتا ہے اے پاکونکو پاک اے شکر گذاروں

يَا شَكُوْرُ يَا عَفُوُّ يَا غَفُوْرُ يَا نُوْرَ النُّوْرِ يَا مُدَبِّرَ
کے بدلہ دینے والے اے بخشنے والے اے نوروں کے نور دینے والے اے کاموں کے درست

الْاُمُوْرِ يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُنِيْرُ
کرنیوالے اے لطف و کرم کرنے والے اے خبر رکھنے والے اے پناہ دینے والے اے ہلاک کرنیوالے اے روشنی

يَا بَصِيْرُ يَا ظَهِيْرُ يَا كَبِيْرُ يَا وِتْرُ يَا فَرْدُ يَا اَبَدُ يَا
دینے والے اے مددگار اے جنیا اے ظاہر کرنے والے اے بزرگی سے یگانہ اے بے مثل اے ہمیشہ رہنے والے اے

سَنَدًا يَا صَمَدُ يَا كَافِي يَا شَافِي يَا وَافِي يَا مُعَافِي

جائے پناہ اے بے نیاز اے کفایت کرنیوالے اے شفا دینے والے اے وفا کرنے والے اے درگذر کرنیوالے

يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ يَا مُتَفَضِّلُ

اے اچھائی کرنے والے اے نیکی کرنیوالے اے نعمت دینے والے اے فضیلت دینے والے اے فضل کرنے والے

يَا مُتَكَرِّمُ يَا مُتَفَرِّدُ يَا مَنْ عَلَا فَقَهَرَ يَا مَنْ

اے صاحب بزرگی و کرامت اے یگانہ اے وہ کہ جو بلند ہو کے غالب رہا اے وہ کہ جو

مَلَكَ فَقَدَرَ يَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ يَا مَنْ عُبِدَ

مالک ہو کے صاحب قدرت رہا اے وہ کہ جو پوشیدہ ہو کر باخبر رہا اے وہ کہ جس کی پرستش

فَشَكَرَ يَا مَنْ عُصِيَ فَغَفَرَ وَسَتَرَ يَا مَنْ لَا تَحْوِيهِ

کی گئی اور اس نے جزا دی اے وہ کہ جس نے اپنی نافرمانی پر بھی بخشا اور اے وہ کہ جسکو انسانی فکر میں گھیر

الْفِكَرُ وَلَا يُدْرِكُهُ بَصَرٌ وَلَا يَخْفَى عَلَيْهِ اَثَرٌ يَا رَازِقَ

نہیں سکتیں اور آنکھ دیکھ نہیں سکتی اور نہ کوئی چیز اس سے پوشیدہ ہے اے انسانوں کو رزق

الْبَشَرِ يَا مُقَدِّرَ كُلِّ قَدَرٍ يَا عَالِيَ الْمَكَانِ

دینے والے اے قسمتوں کے تقدیر کرنے والے اے بلند جگہ والے اے

يَا شَدِيدَ الْاَرْكَانِ يَا مُبَدِّلَ الزَّمَانِ يَا قَابِلَ

مضبوط رکنوں والے اے زمانہ کے بدلنے والے اے قربانیوں کے قبول کرنے والے

الْقُرْبَانِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالْاِحْسَانِ يَا ذَا الْعِزَّةِ وَ

اے نیکی اور احسان کرنے والے اے عزت و غلبہ

السُّلْطَانِ يَا رَحِيمُ يَا رَحْمٰنُ يَا عَظِيمَ الشَّانِ

اور حکومت والے اے رحم کرنیوالے اے سب سے زیادہ ترس کھانیوالے اے بڑی شان والے

يَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَاْنٍ يَا مَنْ لَا يَشْغَلُهُ

اے وہ کہ وہ ہر روز جس کی نئی شان ہے اے وہ کہ جسے ایک امر دوسرے امر سے

شَاْنٌ عَنْ شَاْنٍ يَا عَظِيمَ الشَّاْنِ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ

نہیں روکتا اے بزرگی اور مرتبہ والے اے وہ کہ جو ہر جگہ ہے اے

مَكَانٍ يَا سَامِعَ الْأَصْوَاتِ يَا مُجِيبَ الدَّعَوَاتِ

آوازوں کے سننے والے اے دعاؤں کے قبول کرنے والے

يَا مُنْجِحَ الطَّلِبَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا مُنْزِلَ

اے مرادوں کے پورا کرنیوالے اے حاجتوں کے پورا کرنے والے اے برکتوں

الْبَرَكَاتِ يَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ يَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ

کے نازل کرنیوالے اے آنسوؤں پر رحم کرنیوالے اے لغزشوں میں دستگیری کرنیوالے

يَا كَاشِفَ الْكُرُبَاتِ يَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ يَا رَافِعَ

اے غموں کے دور کرنے والے اے نیکیوں کے والی اے رتبوں

الدَّرَجَاتِ يَا مُعْطِيَ السُّؤْلَاتِ يَا مُحْيِيَ الْأَمْوَاتِ

کے بڑھانے والے اے سوالوں کے عطا کرنے والے اے مردوں کے زندہ کرنیوالے

يَا جَامِعَ الشَّتَاتِ يَا مُطَّلِعُ عَلَى النِّيَّاتِ يَا

اے بکھرے ہوؤں کے ملانے والے اے نیتوں سے واقف اے کھوئی

رَادَّ مَا قَدْ فَاتَ يَا مَنْ لَا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ الْأَصْوَاتُ

ہوئی چیزوں کے پلٹانے والے اے وہ کہ جس پر آوازیں (ملی ہوئی فریادیں) مشتبہ نہیں ہوتیں

يَا مَنْ لَا تُضْجِرُهُ الْمَسْئَلَاتُ وَلَا تَغْشَاهُ الظُّلُمَاتُ

اے وہ کہ سوالوں کی کثرت سے دل تنگ نہیں ہوتا اور جسے تاریکیاں نہیں چھپاتیں

يَا نُورَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ يَا سَابِغَ النِّعَمِ يَا دَافِعَ

اے روشنی زمین اور آسمانوں کی اے نعمتوں کے کامل کرنیوالے اے بلاؤں کے ٹالنے

النِّقَمِ يَا بَارِئَ النَّسَمِ يَا جَامِعَ الْأُمَمِ يَا شَافِيَ

والے اے جانداروں کے پیدا کرنے والے اے امتوں کے اکٹھا کرنیوالے اے بیماریوں سے

السَّقَمِ يَا خَالِقَ النُّورِ وَالظُّلَمِ يَا ذَا الْجُودِ وَالْكَرَمِ

شفا دینے والے اے اجالے اور اندھیرے کے پیدا کرنے والے اے جود و کرم والے اے

يَا مَنْ لَا يَطَأُ عَرْشَهُ قَدَمٌ يَا أَجْوَدَ الْأَجْوَدِينَ

وہ کہ جس کے عرش کو کسی کے پاؤں نے نہیں کچلا اے جوادوں میں سب سے زیادہ جواد

يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِينَ يَا أَسْمَعَ السَّامِعِينَ يَا

اے کرم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ کرم کرنے والے اے سننے والوں میں سب سے زیادہ سننے والے اے

أَبْصَرَ النَّاظِرِينَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيرِينَ يَا أَمَانَ

دیکھنے والوں میں سب سے زیادہ دیکھنے والے اے پناہ ڈھونڈنے والوں کی جائے پناہ اے ڈرنیوالوں

الْخَائِفِينَ يَا ظَهْرَ اللَّاجِينَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِينَ
